## غزل در حسب حال زمانہ

نہین ہے نام کو ہر چند اب وہ عز و شان باقی — مگر تم مین رہیگی زیست تک یہ شیخیان باقی

بھرم ہی رہگیا ہے نام کو دیکھو تو دنیا مین — نہ دولت ہے نہ ثروت ہی نہ ہی نام و نشان باقی

کرو کوشش کہ پھر باغ ترقی مین بہار آئے — غنیمت اسکو سمجھو رہگئی ہے جو خزان باقی

نہ پھولو زال دنیا پر لٹیرن ہی بلا کی ہیہ — نہ بوڑھا اسنے چھوڑا ہی نہ رکھیگی جوان باقی

ترقی کیا امید و نیر ترقی کے ہی ہنستا ہون — تعصب ہم مین ہے جب تک نصیب دشمنان باقی

پہونچ ہی جاؤگے تم منزل مقصود کو لیکن — کرو کوشش کہ رہجائے نہ کوئی ناتوان باقی

بہت ہی مشکلین جھیلی ہین اس غفلت کے ہاتھون سے — ابہی حصہ مین ہین کیا جانے کیا کیا سختیان باقی

ہمین نخوت نے کھویا ہی ہمین غفلت نے مارا ہے — مگر جھولی مین گر پوچھو نہین ہے نیم نان باقی

بتاتے ہین تمہین کچھ وہ تمہارے دوست بن بنکر — کہ تم کچھ کہہ رہے ہو اور نہین ہان مین ہان باقی

تمہین لینا ہے جو کچھ مول لیلو اسے خرید ارو — ابہی ہے صنعت و حرفت کی دنیا مین دوکان باقی

خدا کا نام لیکر منزل مقصود کو چلدو — غنیمت ہی کہ ہے ابتک نشان کاروان باقی

کسی کا آج تم ہنس لو ہنسیگا کوئی کل تم پر — کرو وہ کام دنیا مین رہے نام و نشان باقی

بساؤ علم کے اوجڑے ہوئے اس باغ کو جسمین — نہ برگ گل نہ گلچین ہے نہ نخل باغبان باقی

سحر ہونی اٹھو جو تمکو چلنا کس نیند سوتے ہو — نکل آیا ہے دن پھر ہی ابھی خواب گران باقی

اگر اک خاندان والون مین کچھ تکلیف پاتے ہین — تو پھر ایسا زمانہ ہی کہ ہونگے شادمان باقی

خدا کے نیک بندے ایسے ہوتے ہین رہ حق مین — جنھون نے نذر کردی تو کیا شی ہے رکھی ہی جان باقی

اوم

# دیباچہ

ناظرین کتاب سے التماس ہے کہ یہہ رسالہ ذخیرہ دستکاری مصنف خاکسار رام کرتداس سیاح قوم کہتری ساکن بجنور وارد حال دہلی نے نہایت محنت و مشکل سے بڑے بڑے عالموں و فاضلوں و مہاتماؤں کی برسوں خدمت گزاری کے بعد طیار کیا ہے جسمیں کہ خاصکر بہت ہی سچی و آزمودہ دستکاریان درج ہیں اور یہہ دستکاریان کوئی معمولی دستکاریان نہیں ہیں کہ جنکو ہر بشر با سانی طریقہ سے دریافت کر سکے بلکہ اونکا دریافت کرنا تو کیا سننا بھی دشوار ہے اور یہ رسالہ اون دیگر رسالوں کی طرح سے ہے کہ جنہوں نے اپنا خط درست کرنیکے لیئے سنکڑوں قلم کی زبانین توڑکر وہ وہ نسخہ تیر کیئے ہیں کہ جسکے دیکھنے سے آدمی کو خدا کی قدرت نذر آتی ہے مگر آزمائش پر وہی مرغی کی تین ٹانگین پائی جاتی ہین جنسے انسان کم ہمت ہوکر چپ چاپ گہر مین بیٹھکر دعائی خیر سے مصنف کتاب کو یاد کرتا ہوا رسالہ کا قبالہ لکہنے کو طیار ہوجاتا ہے اور پہر نظر اٹہا کر بہی نہین دیکہتا کہ نسخونکی برات اپنی جانکی حفاظت کرنیوالے رسالے کی ساتہہ کدہر کو نکل گئی اگر کبہی اتفاق سے کسی مسخرے نسخہ نے اپریل فول مین کبہی حضرت کو پکڑ بہی لیا تو پہر گمکر بہی کہا ہوگا کہ شروع کرتا ہون مین اب چوکڑی بہر ساتہہ اللہ کی نام لیئے مصنف کتاب نے اپنے رسالہ مین ایسی بات نہین رکہی کہ جس سے انسان اسکو بہی لکہنے کی جہنجہٹ بہی خیال کرین بلکہ مصنف کتاب نے اس بات کا دعوا کیا ہی کہ جو شخص اس کتاب کی نوٹ کی

دستکاری کا نتائج ثابت کردے تو بفضل اللہ نقد انعام

## دربیان کشتہ جات

کشتہ چاندی - خالص چاندی کہ جسمین کسی قسم کا ملاؤ نہ ہو ایک تولہ کا پترہ لیوے اور لبدی بوٹی بند و جیو کی بناوے اوسمین اس پترہ کو رکھکر تیس سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیوی مگر سمپٹ بہت عمدہ چندرتہ کپڑی کی ملتانی مٹی مین ترکر کی لگاوے - لبدی بعد سرد ہونے آتش کے نکالے چاندی بالکل کشتہ ہو جائیگی اور یہ کشتہ قریب دس تولہ پارہ کو ایک تولہ کشتہ کہرل کرنیسے گولی عمدہ بنا دیتا ہی - نیز یہ قابل کہانیکے بہی نہایت عمدہ مُفید قوت باہ ہوتا ہی - نوٹ یہہ بوٹی زمین سے ایک ہاتہہ اونچی ہوتی ہے اور پتہ اسکا بالکل سرخ ہوتا ہی اور اکثر زیادہ پہاڑی اضلاعون مین بہت پائی جاتی ہے - آزمودہ مصنف کتاب

کشتہ رانگ - اول رانگ کو دو بہاؤ گلا کر دٹی مین دیوے بعد کو ایک لکڑی ڈہاک کہ جسکا وزن قریب دو تین سیر ہووے منگا کر اوسکے اندر گڑہا کرے اور رانگ مذکور کو اوسکے درمیان رکھکر اوسکا وہی گودا جو کہ گڑہا کرنیسے نکلا تہا بہری پہر اچہی طرح سے گلحکمت کر کی آتش ایک من اوپلہ یا چلد ستی یا جنگلی کا دیوی جب آتش سرد ہو جاوے نکالکر اوسکو عرق بہنگ مین کہرل کرے بعد کو لبدی بہنگ مین ہی رکھکر گلحکمت کر کے آتش پتس سیر اوپلہ جنگلی کی دیوے یہ کشتہ نہایت عمدہ اور لاجواب ہوتا ہے + نوٹ - آزمودہ ہے

## قائم کردن شنگرف و کشتہ بطریق دیگر

شنگرف ۱ تولہ، تانبہ ۱۰ تولہ، ہرتال ڈلی ۵ تولہ کی اول تانبہ کی پترے کر دہئے بعد کو ہرتال باریک پیسکر ایک کوزہ
گلی مین اول تہوڑی سی بچہائے اوسکے اوپر ایک پترا تانبہ کا رکہی بعد کو پہر ہرتال پہیلا دے
اور پہر تانبہ رکہی اسیطرح سے سب پترے کہ جسقدر ہون نیچے اوپر ہرتال بچہا بچہا کر رکہنا چاہئے بعد کو
اوس کوزہ کا منہہ بند کر کے گلحکمت کرے آتش قریب بند سیر اوپلہ کی دیوے بعدہ سرد ہونیکے
نکالی تانبہ برنگ سیاہ نیم کشتہ ہو گا اوسکو کہرل مین ڈالکر خوب باریک پیسی بعدہ ایک کوزہ مٹی ایسا
لیوین کہ جسمین یہہ پسا ہوا تانبہ اوسکے دہن تک ایسا بہر جائے کہ اور مطلق جگہ نرہے اوسمین آدہا
تانبہ اول بہر کر بعد کو شنگرف ڈالے اور اوپر سے پہر وہ بقایا تانبہ ڈالکر اوس کا منہ بند کر کے
خوب عمدہ طریقہ کے ساتہہ کپروٹی کر کے بہاڑ مین یا بہٹی مین کہ جسطرف آگ جلتی ہے
دو روز تک ڈالدین بعد کو نکالکر کہولین تو یہہ تانبہ بالکل سخت ایک گولہ کی قسم سی
بنا ہوا ملیگا اوسکو با محافظت تمام بذریعہ چاقو کے اچہی طرح یہانتک صاف کرنا چاہیئے
کہ جہانتک وہ بیچ مین رکہا ہوا شنگرف اچہی طرح سے نکل آوے یہہ شنگرف ایک عجوبہ
لاجواب قائم النار ہے کہ جسکو آگ پر اگر چرخ دو تو گل جائے اگر کشتہ کرنا چاہے
تو اس طیار شدہ شنگرف کو متہری بوٹی کی لیدی مین رکہکر پہونک دے کشتہ ہو گا
آگے کو رستہ ہو گا سیماب بستہ ہو گا۔ نوٹ۔ یہہ نسخہ آزمودہ ہے۔ اگر کوئی
مہوس ہمارے اس قائم النار شنگرف سی عمدہ شنگرف بلا کسی دہات کے قائم کر کے
دکہلائے تو صرف اسی نسخہ مین پانسو روپیہ انعام پائے۔ لیکن وزن شنگرف کا کم نہو۔

## کشتہ مونگہ

عرق گھی کوار مین مونگہ کو کہرل کرے بعد کو اسیکی لبدی مین رکہکر آتش دس اثار دیوے کشتہ عمدہ ہوگا ٭ نوٹ ۔ آزمودہ ہے

## کشتہ ابرک آزمودہ

ایک چہٹانک ابرک لیکر اوسکی تمام پرت علحدہ علحدہ کرے بعد کو بکچکنی بوٹی خواہ تر ہو یا سوکہی ہو لیکر پیسی ۔ مگر بکچکنی وہ ہو کہ جسکا درخت زمین سی ہاتہہ بہر اونچا ہوتا ہے اور یہہ تلسا کی طرحکا ہوتا ہے بعد کو ایک کوزہ گلی لیکر اوسمین تہوڑی سی بوٹی پسی ہوی پہیلائے اوسکے اوپر ایک پرت ابرک کا رکہے بعد کو پہر وہی بوٹی اوس ابرک کی اوپر پہیلائے اور پہر ابرک کا پرت رکہے گویا اسطرح سے کل ایک چہٹانک ابرک کی پرت کو تہ بہ تہہ زیر و بالا بوٹی بچہاکر رکہتا جائے بعد اوس کوزہ کا منہہ مٹی کی چمنی سے خوب ملا کر کی اچہی طرح اوس کو گل حکمت کرے تہوڑی دیر سکہا کر اوسکو بیس اپلہ یا چکدستی کی اگ دیوے بعد کو جب آگ سرد ہو جائے تب اوس کوزہ کو نکالکر اوسکا منہ کہولی ابرک نہایت عمدہ کشتہ پائیگا

## کشتہ ابرک بطریق دیگر

ایک چہٹانک ابرک لیکر پرت علحدہ کرے بعد کو بونٹی میندہی کے پتے معہ ڈوڈے اور بیج کے ملاکر کوٹے جب خوب باریک ہو جائے تب اوسکو باقی

ایک گھڑے مین ڈالکر کھولدے بعد کو وہ ابرک ہی اوسی پانی مین ڈالکر ایک رات وایک دن تر رکھے بعد ازان اوسمین گودا گھی کوار قریب تین چھٹانک کے ڈالکر منہ اوس گھڑے کا مضبوطی باندہے اور ایک گڑہا کھودکر اوس گڑے کو اسمین رکھکر قریب تیس اوپلہ کے آتش دیوے سرد ہونیپر نکالے ابرک کشتہ ہوجائیگا

## کشتہ سونا آزمودہ نوٹ

ایک تولہ سونا لیکر اوسکا بہت باریک پترہ بنواکر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرائے اگر اس طرح نہ کیا جائے تو ایک تولہ سونے کو بذریعہ ریتی کے سوہن کرالیوین بعد کو بوٹی مینڈہی و کاسنی و برکنڈا ان تینون بوٹیونکی جڑ لیکر خوب باریک پیسکر لبدی بناوے بعد کو اوس سوہن کئے ہوئے سونے کو یا ٹکڑے کئے ہوئے کو اوس لبدی مین رکھکر اچھی طرح سے ملتانی مٹی کے ساتھہ گلحلمت کرکے قریب تیس سیر اوپلہ کے آتش دیوئے بعد سرد ہونیکے نکالکے پھر اسیطرح کرے چہارم مرتبہ نہایت عمدہ کشتہ ہوجائیگا اگر تعداد مذکور بالا سے پہلے کشتہ ہووے تب سے آگ نہ دی برکنڈا اوس بوٹی کو کہتے ہین کہ جو اکثر باغات مین چلتے پھرتے کپڑونکو چپٹ جایا کرتی ہی جسکو اکثر لوگ کتا گھانس بہی بولتے ہین

## کشتہ تانبہ سفید

اول دو کٹوری جست کی اس اندازہ کی بنوائے کہ جسکے اندر ڈہائی تولہ دوا ہر ایک کٹوری مین آجائے بعد کو $2\frac{1}{2}$ تولہ جمالگوٹہ و ڈہائی تولہ تانبا جو لیکر علیحدہ علیحدہ

خوب باریک پیسی جب پسجائے تب ایک ایک کٹوری مین علحدہ علحدہ بہرے بعدکو ایک پیسہ پرانی چال کا کہ جسکا تانبہ اکثر اچھا اور خالص ہوتا ہے لیوے اوس کو کڑوے تیل مین قریب چالیس بجھاوٗ کے دیوے بجھاوٗ سی مطلب یہہ ہے کہ ایک کٹورے مین روغن تلخ بہر کر اپنے پاس رکھہ چھوڑے اوسکو اپلے پر اوس پیسہ کو خوب سرخ کر بعدکو دست پناہ سی پکڑ کر اس تیل مین ڈالدے جب ٹھنڈا ہو جائے تب پیسہ کو نکالکر دوبارہ گرم کر کی ڈالے اسیطرح چالیس مرتبہ کرے بعدکو درمیان اون دونون کٹوریون کے کہ جسمین دوا بہری ہوئی ہے اوس پیسہ کو رکھہ کر اون کٹوریونکا منہہ سی منہہ خوب اچھی طرح ملاوے بعدکو اوسکے اوپر قریب ایک سیر کے دہجیان کہ جسکو اکثر آدمی کترنین بہی کہتے ہین اچھی طرح سے لپیٹے بعد اوسکو آدسیر اوپلے کی اگ مین رکہدے جب وہ کترنین جلکر بالکل خودبخود خاک ہوجاے تب اوسکو با محافظت نکالے ویسی کا ویسا ہی رکہا ہوٗا سفید کشتہ ہو جائیگا۔

نوٹ آزمودہ ہے

## کشتہ سنکھیا

سنکھیا دو تولہ کی ایک ڈلی لیوے اوسکو ایک ٹکڑے ابرک پر رکھکر آتشی کوئیلی پر رکہے بعدہ عرق لہسن قریب پاؤ سیر کے اوس سنکھیا پر چویہ دیوے سنکھیا کی خودبخود پھٹکری کی طرح سی کہیل ہو جائیگی (نوٹ) چویہ اوسکو کہتے ہین کہ جو کسی چیز کا عرق مٹی کے اوس برتن مین بہر کر کہ جسکے تلے مین ایک باریک

سوراخ ہوتا ہی اوسے اوپر لٹکایا جائے تاکہ جسکا کشتہ کرنا منظور ہو اوس سوراخ سی قطرہ قطرہ اس اشیا کے او پر اوس دوا کے ٹپکنے کا نام چویہ ہے - نوٹ ازمودہ مصنف کتاب

## کشتہ پارہ

پارہ شیشہ نمک کا ایک ڈلا لیکر اوسمین ذرا گہرا سوراخ کرے بعد یہہ پارہ دو تولہ اس سوراخ مین بہر کر اوپر سی قریب ۶ ماشہ کے سنکہیا سفید ڈالے اور پہر وہی نمک جو کہ سوراخ کرنیسے نکلا تہا اوسمین اچہی طرحسے بہر دین بعدہ اوس ڈلے کو بمظبوطی تمام خوب عمدہ کپڑ وٹی کر کے ایک من اپلہ کی اگ گڑہا کہود کر دیوے سیماب کشتہ ہوگا نوٹ آزمودہ ہے (نوٹ) شیشہ نمک اوس نمک کو کہتے ہین سہ جو اکثر لاہوری نمک مین شیشہ سا نمک ہوتا ہے ایک قسم کی تختہ کی تختہ بالکل سفید مانند شیشہ کی صاف نکلتی ہے اکثر بوجہ عمدہ کپر وٹی نہونے کی سیماب اڑہی جاتا ہے -

## کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ کو ایک بیضہ مرغ مین دہر کر اور منہہ اوسکا اوس سے ہی بند کرکے بعد کو ۳ سیر راکہہ لکڑی ڈہاک کی ایک ہانڈی مین بہر کر درمیان مین اس بیضہ کو رکہکر ہانڈی کا منہہ گلحکمت کرا وسکو چولہے پر رکہکر اوسکی نیچے آٹہہ پہر آتش جلاوے بعد کو نکالے کشتہ عمدہ ہوگا - نوٹ - آزمودہ مصنف کتاب

## کشتہ ہرتال طبقی

ہرتال طبقی ۳ تولہ راکہہ لکڑی پیپل ۳ سیر اول راکہہ کو ایک ہانڈی گلی مین آدہا بہرے بعد کو ہرتال تین تولہ رکہکر اوپر سے باقی راکہہ بہی ڈالکر خوب دباوے اور دہن ہانڈی بند کر کے گلحکمت کرے بعد ہٗ کا آتش قریب بیس سیر اوپلے کا دیوے جب سرد ہوجائے نکالکر استعمال کرے ہرتال عمدہ کشتہ ہوگی یہہ جملہ کشتہ جات بہت سے مرضونکے واسطے مفید ہین * نوٹ - آزمودہ مصنف کتاب

## کشتہ ہیرا

کشمیری بوٹی کی لبدی لیکر اوسکے درمیان ہیرے کو رکہے اور اوپر اس لبدی کے برگ اکہہ لپیٹ کر اوسکو ایک آہنی کڑاہی مین رکہے اور اوس مین کڑوا تیل ڈالکر خوب پکاوے جب تیل سب جل جائے تب اوسکو نکالکر ٹہنڈا کرکے بعد کو اسمین سے ہیرا نکالے تو ہیرا بشکل سیاہ پہنکا ہوا ملیگا پہر اس ہیرے کو اندرائین مین رکہکر گلحکمت کرکے آتش ایک من اوپلے کی دیوے ہیرا نہایت عمدہ کشتہ سفید ہوگا - کشمیری بوٹی چند قسم کی ہوتی ہے یہہ تیسری قسم ہے کہ جسکا پتہ مثل چنے کی ہوتا ہے اور نہایت تر جگہ پہاڑی اضلاع مین پائی جاتی ہے مگر ڈنڈی اسکی سرخ ہوتی ہے * نوٹ - آزمودہ مصنف کتاب ہے

### دربیان ترکیب دستکاری تماشہ بچشم خود دیدہ

نسخہ کافور بنانا مانند چاندی سپید کافور ملاکر ایک بانس کی نلی مین بہر کر اوسکو زمین مین

دفن کرے بعد چالیس روز کے نکالے کافور ہوجائیگا

## نسخہ دیگر

اکثر اس طریقہ سے بہی نقلی کافور بنایا جاتا ہے پہٹکری اور کافور برابر لیکر خوب باریک پیسکر ایک ڈبیا ٹین کی مین بہرے اور اوسکو ڈہکن سے خوب اچہی طرح سے بند کرکے گلحکمت کردے بعد کو اس قدر کہچڑی لیکر کہ جسکے بیچ مین وہ اچہی طریقے سے آجائے لٹکا کر کہچڑی کو پکائے جب کہچڑی نصف دم ہوجاے تب اوسکو آگ سے علحدہ کرکے ٹہنڈا ہوتے دیوین بعد سرد ہونیکے ڈبیا مذکو نکالکر دیکہے تو کافور برآمد ہوگا

## نسخہ نقلی موم

چربی بکرے سنکہیا سفید - اول چربی کو ایک آہنی کڑہائی مین گلاوے جب اچہا جوش آجاوے تب سنکہیا مذکور بالا کو خوب باریک پیسکر تہوڑی چٹکی دیتا رہے جب قریب دو ماشہ کے چٹکی دے چکے تب اوسکو ایک برتن مین کہ جسمین پانی بہرا ہوا ہو الٹ دے اور اوسکو سرد ہونیدے جبکہ وہ سرد ہوکر پانی مین جمجائے تب اوس چربی کو نکالکر دوبارہ پہر اسیطرح سے کرے غرضکہ چہہ مرتبہ مین وہ کل سنکہیا بترکیب بالا دیکر جماتا رہے بعد کو پاؤ سیر موم اصلی اسمین ملاکر کام مین لاوے نقلی موم طیار ہوگا (نوٹ) اگر اس قدر سنکہیا دینے سے چربی کی بدبو نجائے تب اور دیوے تاوقتیکہ وہ صاف ہوجائے چٹکی ضرور دیتا رہے

## نسخہ مشک بنانا

مشک اصلی ایک ماشہ - زعفران آٹھہ ماشہ - عود ایک ماشہ ان سب موجودہ ادویات کو عرق الکڑی چند یوم مین خوب حل کرے جب سرمہ سا ہو جاوے تب نافہ ہرن خالی لیکر اسمین یہہ سب اشیا بہرے بعد کو اوسکا منہ اچھی طرحسے بند کرکے درمیان عرق سونف مین چار یوم تک بند رکھے جس برتن مین سونف کا عرق ہو اسمین اس نافہ کو ڈالکر اوس برتن کا منہ اچھی طرحسے بند کر دے بعد ایام مذکور بالا گذرنی کے نکالے مشک عمدہ طیار ہوگا اگر بروقت بند کرنے نافہ کے ایک ماشہ عطر جوہی کا ڈالدے تب نہایت ہی عمدہ بے نظیر مشک طیار ہو جائیگا + نوٹ - یہ نسخہ آزمودہ مصنف کتاب ہے

## طلسمی گلاس یعنی آندہی و بارش معلوم کرنیکا آلہ

کافور ۲ ڈرام - بیورنیٹرٹ آف پٹاس نیم ڈرام - میور آف امونیا نیم ڈرام اول دس انچ لمبی اور ایک انچ کی چوڑی شیشہ کی نلی بنواؤ بعد کو یہہ سب ادویات پیسکر نلی مین ڈالے بعد کو نصف شیشی الکوہل سے بہر کر ڈسٹل وائر جبتک ڈالے جبتک پریسیپیٹ ہو وے بعد کو کاگ مظبوط لگا کر سایہ مین لٹکادین اگر بارش ہنیوالی ہوگی تب چوبیس گھنٹہ بیشتر اس شیشی مین ستارے معلوم ہونگی اگر آندہی آئیگی تب گدلاپن معلوم ہوگا مگر اس شیشی کی نلی کو دہوپ سے ہروقت بچاتے رکہنا چاہیئے

## نسخہ نقلی سنگرا نبخ بنانا

جسقدر تانبہ ہو آدہا وزن ہرتال لیکر خوب باریک پیسکر تانبہ کے پترے کے نیچے اوپر بچہاکر گلحکمت کرکے تہوڑی سی آگ دیدیوین بعد سرد ہونے کے نکالین تانبہ مثل سنگرا نبخ پکا ہوا ملے گا استعمال کرے ۔ نوٹ ۔ آزمودہ ہے

## نسخہ زنگار بنانیکا

نوسادر ۶ چہٹانک نمک سانبر ۶ چہٹانک عرق لیمو ۲ سیر دہی ۲ سیر تانبہ کے پترے ایک سیر اول ایک گہڑا قد آدم کہودوائے بعد کو ایک برتن تانبہ کا ہی اسقدر چوڑا لیا جائے کہ جسمین یہہ سب چیز بہر جائیں بعد کو اسمین اس طریقہ سے بہرے اول نمک اور نوشادر خوب باریک پیسکر نصف اوس برتن ڈالے بعد مین پترہ تانبہ کو ڈالکر نصف وہ ہی پسا ہوا نوشادر نمک ڈالے بعد کو عرق لیمو و پانی دہی کا ڈالکر منہ اوسکا خوب اچہی طرح سے بند کرکے اوس قد آدم گڑہے مین درمیان سرگین کے دفن کرے بعد گیارہ روز کے نکالے زنگار ہو جائیگا

## ترکیب ہینگ بنانیکی

درخت سونجہنا کو بودین جب دراز ہو وے تب بیخ سے مٹی ہٹا کر دیکہین اگر موصلی نرم نمایان ہو تب بماہ بہادون چاقو سے اوس پر خط کرین تاکہ اوس جگہہ ہینگ جمع ہووے اور پہر دوبارہ دوسری جگہہ اسیطرح سے چار جگہہ خط کرکے ہینگ جمع کرین اس نقلی ہینگ مین نصف اصلی بہی ملاوین

## گھوڑے کی تعجب انگیز سرخ دم رنگنے کا طریقہ

شیشہ ۵ اثار موصلی ½ ا سیر برادہ آہن ۶ تولہ عرق ترپہلہ ۵ سیر تخم انبہ خام ا آثار یین یعنے پارہ ۲ تولہ عرق گلاب کیلا ۱۲ سیر اسمین کل ادویات سات یوم تک خوب کہرل کرین بعد کو گھوڑے کی دم پر مہندی لگائین جب مہندی خشک ہوجائے بعد کو یہ طیار شدہ دوا بذریعہ آب مہندی کے خوب رگڑ کر دم پر گھوڑے کی لگائین تین پہر کے بعد صابن سے دہوڈالین دم اسپ عجب قسم کی تعجب انگیز سرخ رنگی ملیگی اور ایک عرصہ تک رہیگی

## دیگر طریقہ سبز کرنیکا

پوست ہڑ کلان پاؤ آثار۔ زنگار پاؤ آثار۔ سنگراسخ ۲ چھٹانک نوسادر ایک چھٹانک کرن پہل ۱۰عدد ان سب ادویات کو سائیدہ کرکے کپڑچہن کرے بعد کو گھوڑی کی دم پر بذریعہ پانی کے لگاوین دو گھنٹہ بعد دہوڈالے اسطرح قریب آٹھہ مرتبہ اس کو لگاوین بعد کو پانی سے دہوڈالین عجب قسم کی دم سبز رنگی جائے گی آزمودہ ہے

## میلا کپڑا دہونیکی عمدہ ترکیب

تیل اور پانی بذریعہ نکر امونیا کے ملجاتا ہے اور اسی سے صابن بھی بنتا ہے اگر اس سے کپڑہ وغیرہ دہویا جائے تب نہایت عمدہ و صاف دہو یا جائے گا۔

## نسخہ قلعی شیشہ بطریق انگریزی

لیکرامونیا ایک اونس ریشین سالٹ ۹ ماشہ کیفائڈ اسپرٹ ایک اونس اور نیوزیٹرڈ آف سلور ۲ ماشہ آب باران یا کشید ایک اونس اول آدہے پانی مین نیٹرڈ آف سلور کو ڈالکر اندہیرے مین رکہہ دے جب بالکل گلجاوے تب بقایا نصف اونس پانی مین وہ ریشین سالٹ گلاوے جب یہہ بہی خوب گلجائے تب دونون کو ملاکر لیکر آف امونیا کا ایک ایک قطرہ ڈالتا رہے جب تک کہ اوس کی سیاہی دور ہو بعد کو اسپرٹ ملاکر بذریعہ جاذب کے چہان لی اس طیار شدہ مصالح کو اوپر اوس آئینہ کے کہ جسپر قلعی کرنی منظور ہے اس ترکیب سے ڈالو اول آئینہ کو خوب صاف کرو بعد کو اسے سایہ مین ایسے طور سے رکھو کہ کسیطرف کو مطلق ڈہلاؤ نہ ہو بعد کو یہہ عرق جو طیار ہے اوسکے اوپر ڈالو اور چارون طرف آئینہ کے بذریعہ ڈالنے کے پہیلاتے رہو جب سب طرف پہیل جاوے تب اوسکو وہان ہی خشک ہونیدو جب خشک ہو جائے تب دیکہو عمدہ قلعی ہو جائیگی (نوٹ) اگر ذرا ہی دہوپ یا گرمی کہا جائے گا بالکل آئینہ سیہ ہو جائیگا اس لئے دہوپ سے بچا کر طیار کرنا

### چمنی وغیرہ کو سن کرنا و آئینہ پر حرف کندہ کرنیکی ترکیب

فلورک ایسڈ - یہہ ایک قسم کا تیزاب ربڑ کی شیشی مین آتا ہے اکثر اسکی شیشی ایک اونس ۳ اونس چار اونس کی آتی ہے اس تیزاب کی یہہ خاصیت ہے کہ

جس جگھہ پر لگجائیگا ذرا سی گرمی پہنچنے کے بعد وہ جگھہ بالکل سن ہوئیگی اسی طرح سے بوتل وچمنی وشیشہ پر بیل وبوٹے بنا لیتے ہین اگر آئینہ پر حروف تحریر کرنے ہوون اول آئینہ پر اوس جگھہ کہ جس جگھہ عبارت لکھنی ہو موم لگائے بعد انگریزی قلم سے اوس موم پر عبارت تحریر کرے مگر موم عبارت کے تحریر کرنے سے حرفونکی جگھہ سے بالکل ہٹتا چلا جائے بعد کو اونہی حرفو کے نشانات مین بذریعہ قلم کے یہہ تیزاب لگا دین اور بعد کو دہوپ یا ذرا سی دیر آگ پر رکھنے سے حروف کندہ ہو جائینگے - نوٹ آزمودہ ہے

## ترکیب اول انگریزی چاندی بنانے کی

جست ۶ تولہ تانبا ۱۲ تولہ نکل ۶ تولہ پہلے تانبے اور نکل کو مٹی کی کٹھالی مین تیز تاؤ سے گلاوے جب یہہ گلکر اچھی طرح سے پانی سا ہو جاوین تب جست ڈالکر اچھی طرح سے تینو چیزونکو گلاوین بعد مین تہوڑی دیر اور آگ پر رہنے دے اور ایک کوئلہ جلتا ہوا کٹھالی کے منہ پر ڈہانک دین پہر آگ سے اتار کر سرد کرین لازم ہے کہ آگ سے نکالکر گرم گرم پانی مین نہ بجھاوین بعد ٹھنڈے ہونیکے جو چیز چاہین بنائین

## ترکیب دیسی صابون بنانیکی

اسی ایک من چونہ بغیر بجہا ہوا بیس سیر تدبیر یہہ ہے کہ ایک بڑا حوض خاص واسطے صابون کے بناتے ہین برابر اوسکے کچھ نیچے دوسرا حوض طیار ہوتا ہے اندر سے

پیچے حوض کے ایک سوراخ رکھتے ہین جس راہ سے صاف پانی دوسرے حوض مین لیا جاتا ہے چاہیئے کہ سوراخ حوض اول بہت مضبوطی سے بند کر کے سجی وچونہ پسا ہوا اوسمین ڈالدین اور دوا کے وزن سے پانچ حصہ پانی میٹھا صاف دریا کا اوسمین ڈالدین ایک لکڑی سے اچھی طرح چلاتے رہین پہر چھوڑ دین جب سجی وچونہ نیچے بیٹھہ جائے اور صاف پانی اوپر نظر آوے اوسوقت پر ڈاٹ حوض کا کہولدے اور دوسرے حوض مین پانی بہرلے پہر دوائی ڈالین اور ڈاٹ حوض بند کر کے اگلی طرحسے پانی ڈالکر چلا کر چھوڑ دین پہر ڈاٹ کہولکر پاس کے حوض مین پانی آنے دین اسمین ہی دوسرے برتن مین پانی بہرلین اور اسی طرحسے کیا کرین اور الگ برتن مین پانی لیا کرین اور پہلے دوسرے برتن پانی پر نشان کر دین جب پانی مین کچہہ تیزی سی زبان پر معلوم ہو چھوڑ دین بعد مین تیل زیتون یا السی یا ارنڈی خواہ اور ہو مگر دس حصہ زیادہ پہلے پانی کی برتن سے لیکر جوش کرین جب جوش اچھی طرحسے آوے اوسمین پانی تیسری مرتبہ کا اب تہوڑا تہوڑا ڈالین جب ختم ہو دوسرا پانی ڈالین اسیطرح سب پانی خرچ کرین سب کے پیچھے پہلا لیا ہوا پانی چہوڑ دین تیل خمیرہ آٹا کی طرح ہو جائے گا آگ سے اتار کر سانچے مین تختے ڈہال لیوین یا گولی بنا دین بس صابون بنگیا جس کو تہوڑا بنانا ہو تو گہڑے مین سوراخ کر کے دوسرے گہڑے مین پانی لیکر بنا لیتا ہے۔

## کتہہ

چہال کیکر آدہ سیر لکڑی سنی کہ جسکی سن اتار لیا ہو پانچ چہٹانک کتہا خالص پانچ چہٹانک ۔ ترکیب اول چہال کیکر کو کوٹکر پانی مین جوش دے کے چہان لین اور آٹا سنی کا پارچہ بہر کر کے اوس پانی مین ملا دین جب جوش آجاوے تب کتہہ بہی داخل کرین پہر ایک جوش دیکر دیکہین کہ گاڑہی ہونے مین فرق ہے تب اور جوش دیکر گاڑہا کرین پہر اوسکو کسی برتن مین جو کہ دو انگشت گہرا ہو چہان لین یہ کتہا اصلی کتہے سے کم نہوگا

## ترکیب عمدہ موم کی

رال سفید ایک سیر خوب باریک پیسکر ایک ہانڈی مین جوش دو بعد اسکے چربی سفید عمدہ صاف کی ہوئی ایک سیر ڈالکر ملاؤ اور دونون ہم جنس کر کے چولہے پر سے اوتار لو جب وہ نیم گرم ہو جاوین یا بالکل ٹہنڈا ہو اوس وقت آدہ پاؤ سہاگہ کہریا پیسکر اور آدہ سیر خالص شہد ڈالکر کے لکڑی سے چلاوین بعد کو آگ پر رکہہ کر ایک جوش دیکر سرد کر لو یہہ موم عمدہ ہوگا

## تعجب انگیز جادو کا قلم بنانے کی ترکیب

تیل سرسون ایک سیر موم تین چہٹانک دونونکو ایک آہنی کڑاہی مین رکہکر پکاوے جب کچہہ پکجائے تب اسمین بہت عمدہ تہوڑا سا پسا ہوا چونہ ڈالکر جبتک ہلاتے تب تک کہ وہ پکتے پکتے جمنے کے قابل ہو جائے ایسا ہونے کے بعد

اوسکو اتار کر کسی برتن مین جما وے جب جمکر سخت ہو جائے تب اوسکی قلم بنا لیوے

یہہ قلم اس واسطے ہی کہ اگر کسی دوست کو خط روانہ کرنا ہے اور یہہ چاہتا ہو کہ سوائے

اسکے اور کوی نہ پڑہے تب اس قلم سے بغیر روشنائی وغیرہ کے ہی تحریر کر کے روانہ کر دو

حرف بالکل نہ پڑہے جائینگے جسوقت کہ اس کاغذ کو پانی مین ڈالا جائیگا حرف سب

بلفظ بلفظ پڑہے جاینگے * نوٹ - آزمودہ مصنف کتاب ہی

## بوتل کو زنجیرہ وار وغیرہ کاٹنے کی ترکیب

سنکہیا ایک تولہ اول سنکہیا کو خوب باریک پیسکر ایک سفید کپڑے کی پوٹلی مین ذرا

ڈہیلا باندہے بعد کو ایک عمدہ سفید بوتل لیکر اوسپر بذریعہ پوٹلی کے ہی یہ سنکہیا چیڑکے

بعد ایک نوکدار کوئیلہ اچھا عمدہ دہکتا ہوا لیکر اوسکی نوک بوتل کے اوس مقام پر رکہی

کہ جسجگہہ وہ سنکہیا چیڑکا ہوا ہے اوہ ہوشیاری آنکہہ غیر کر کے ذرا زور سے پہونکنا رہی

بعد دو چار دفعہ پہونک مارنیسے بوتل اسیقدر دور سے کٹجائیگی کہ جسقدر دوائی مین وہ نوک

کوئلہ ہے بس اسی طرحسے زنجیرہ دار وغیرہ کاٹتا چلا جائے اور جیسی طبیعت چاہے کاٹے مگر

اعلٰی اس کا ربت ضرور کر لینا چاہیئے کیونکہ شروع شروع ذرا مشکل سے کٹتی ہے لیکن

نسخہ بہت ٹہیک اور درست آزمودہ مصنف کتاب ہے - لیکن اول بذریعہ کیسی اوزار کے

کاٹنے کی جگہ تک بوتل مین بال ڈالے

## ترکیب خوشبودار سگار بنانے کی

معمولی سگار کو ٹنچرآف کیسکریلے مین تر کر کے اور اوسمین تہوڑا گم بن زائن اور اسٹوریکس کی

ملاوے بعضے آدمی کیسپر بہی ملاتے ہین یا تیل لونگ یا کیسا بہی ملا دیتے ہین -

## ترکیب دیگر

تماکو جسکے سگار بنتے ہین - یا خود سگار کو بہی تہوڑی دیر کے لیئے بہت تیز انفیوزن آف کیسکیریلے مین تر کرکے اور اسکو دہوپ ہلکی مین سکہا لیوے بعد کو اسمین کیسکیریلے کی چہال کے صاف کیئے ہوئے ٹکڑے اوسکے بیچ مین ملاوے اور بعد کو بلا وے یہہ نہایت درجہ خوشبودار سگار بنتے ہین - کمزنیوالے کو تو فقط یہہ ایک ہی نسخہ کافی ورنہ نہ ساغر ہے نہ ساقی ہے فقط مولا کا نام باقی ہے -

## پہول نکالنا شیشہ و چینی پر

السی کے تیل کو جوش دیکر پہلے روغن طیار کرلین ترکیب یہہ ہے کہ السی کے تیل کو جوش دیکر یا شعلہ دیکر گاڑہا کرین بعد ازان تار پین مین کسی قسم کی رنگت روغن اس قدر حل کرین کہ یہہ مصالحہ قابل تہہ لگانیکے ہوجائے پہر جیسا نقش و نگار کرنا منظور ہو اوس شے کو ایسی ہٹی کے اندر رکہا جاوے کہ جسکی حرارت سے وہ شئ ایسی گرم ہوجاوے کہ انگلی نہ رکہسکے کسی اوزار سے باہر نکالکر قلم آہنی سے جو نقش و نگار یا حروف تحریر کرنے منظور ہون کرو بعد کو پہر ہٹی مین رکہے اور کسی برش وغیرہ سے ورق طلا اوپر لگاوے اور وہین ٹہنڈا کرکے نکالے کسی ہلکی چیز سے مش کرے - عمدہ حروف بنجائینگے -

## بلا پلیٹ کے کاغذ پر تصویر رشید کرنیکی ترکیب

نمک لاہوری ۵ گرین پانی ایک اونس - اول نمک لاہوری کو پانی ایک اونس مین

گلاوے جبکہ نمک گلجاوے تب اوسمین عمدہ قسم کا کاغذ تر کرلے بعد دو منٹ کی نکالکر سایہ مین خشک کرے پہر نیٹریٹ آف سلور پچاس گرین کو ایک اونس پانی مین اور علیحدہ گلاکر اوسمین پہر بہی کاغذ دو منٹ تک تر رکہے لیکن یہہ لحاظ رہے کہہ کاغذ پر چھالہ نہ پڑہ جاوے بعد کو یہہ طیار شدہ کاغذ کیمرے کے اندر رکہکر دو منٹ مین ہی تصویر شید کرلے بعد کو ڈیلیوٹیڈ گیلک ایسڈ ۔ اگرین پانی ایک اونس مین کرکے پہر ہاپروسیلنٹ آف سوڈا ۱۲ اونس پانی آدہ اونس سے مکسن کرے ۔ تصویر عمدہ ہوگی ۔

## تعجب انگیز کاغذ بنانا

مانڈ چانول قریب پاؤسیر کے لیکر اوسمین سریش ماہی وتہوڑا سا سوڈا ملاکر آتش پر پکاوے جب سب اشیا باہم ملکر ہمجنس ہوجاوین تب اوسکو نیچے اوتار کر ایک کشادہ بہت چوڑے چینی کے برتن مین ڈالنا چاہیئے بعد کو جس قسم کا کاغذ رولدار یا بے رولدار خط کا یا اور کسی طرحکا غرضکہ جس قسم کا بنانا منظور ہو ایک ایک تختہ لیکر اسمین ترکرکے ایک خاص بہت بڑی لکڑی جو اسی واسطے بنوائی جاتی ہے اوسپر دہوپ مین لٹکاتا جائے جب اچھی طرح سے خشک ہوجائے کاغذ اوس لکڑی پر سے اوتار لے یہہ کاغذ تقریباً سفید ہی رہیگا اور اسمین یہہ وصف ہوگا کہ اب اس کاغذ پر چاہے جس بات سے تحریر کرین حروف عمدہ وصاف سیاہ تحریر ہوگا لیکن لوہے کی قسم سے

نہ تحریر ہو اگر آپ کسی سفر مین ہین اور اوس وقت آپکے پاس قلم دوات موجود نہین تو آپ صرف اپنی انگوٹھی یا لکڑی کی مونٹھہ سے ہی جس مین کسی قسم کی شام لگی ہوئی ہو تحریر کر ڈالئے عمدہ خط بحروف سیاہ تحریر ہو جائیگا۔

(نوٹ) یہہ دستکاری ایک عجوبہ ہے اور مصنف کتاب کی آزمودہ ہے اگر کوئی صاحب اسکی نوٹ بک بنا کر فروخت کرتے جائینگے تو بہت فائدہ اوٹہائینگے۔ معلوم ہو کہ کاغذ لکڑی کے اوپر نہ لٹکایا جاوے لکڑی اس قسم کی بنوائے کہ دو بانس کی کھپچی علحدہ علحدہ ہون اور اسمین کچھہ فاصلہ پر سوراخ ہون تاکہ کاغذان دونون کھپچیون کے درمیان مین بذریعہ اونہی سوراخونکے جو کہ پہلے اس کاغذ کے بنائے گئے ہین لٹکا دیا جائے

## جلا کردن موتی را بطریق آسانی

چاہئے کہ جن موتیونکو صاف کرنا منظور ہو تیونکو تہوڑے سے چانولونکے ساتھہ ایک پوٹلی مین باندہکر دونون ہاتہون سے قریب ایک گھنٹہ کے ملے بعد ازان پوٹلی سے موتی نکالکر ایک ڈھاک کی جڑ کی صاف عمدہ تختی پر بذریعہ آب چانول کے آہستہ آہستہ ایک ایک موتی کو رگڑے اسی طرحسے کچھہ دیر کے بعد موتی پر جلا آجاتی ہے۔ نوٹ آب چانول سے مراد یہہ ہے کہ تہوڑے چانونکو بذریعہ پانی کے پیس لیا جائے انہی پسے ہوئے مین تہوڑا سا پانی اور آمیز کر کے چھان لیا جاوے اس قسم کا آب چانول اسمین دیا جائے۔ یہہ نسخہ بہی نہایت مفید ہے

## در بیان ساختن وجلا گردن جواہرات

پنہ پر رنگ چڑہانا ایک بوتل میتہولیٹڈ اسپرٹ کی لیکر اسمین ایک چھٹانک مصتگی ڈالکر دہوپ مین رکھ دے جب تک دہوپ سے وہ بالکل روغن نہ بنجائے نہ اوٹھائے بعد کو روغن رنگ زرد ۲۰ تولہ رنگ سبز ۵ تولہ ڈالے پہر دہوپ مین رکھی جب سات یوم مین ملکر حل ہوجائے تب ایک ورق ابرق پر پنہ رکھکر آتش پر گرم کرے اور ایک کٹہالی مین ذرا سا نکالکر اوسمین اوسکو بجہا دیوے پنہ پر رنگ عمدہ چڑہ جائیگا

## موتی بنانا

ہوکہ موتی بازار سے لیکر خوب حل کرے اور دو رکابی چینی کی لیکر اوسمین وہ حل کئے ہوئے موتی رکہے بعد اسمین اسقدر عرق لیمو ڈالے کہ اوس حل کی ہوئی اشیائے سے دو انگشت اوپر رہے بعد کو ایک رکابی جو کہ دوسری رکابی موجود ہے اوسکے اوپر ڈہانکے بعد ایک گڑہا گز بہر گہرا لمبا ہووے اوس کے نصف مین بعدہ گوبر وغیرہ بہر کر اوسپر یہ رکابی رکہے اوپر اوسکے پہر اوس گڑہے کی منہ تک لید وغیرہ بہر دے اور ہر روز مین پانی کا چھینٹا مارتا رہے بعد ۷ یوم کے نکالے اوسکا خمیر ہو جائیگا اور ہاتھ سے بشکل موتی بناوے اور اونکو سایہ مین خشک کرے اونپر جلا اس نسخہ سے دیوے قریب آدہ سیر ابرق سفید لیکر عرق کہیرا ایک سیر ایک تانبہ کے ڈہکن دار جوڑے برتن مین ڈالدے اور اوسکو بہی اسیطرح کئی روز گڑہے مین دفن کرے اور اسکے لید برابر ہر یوم مین بدلتا رہے بعد ۲۱ یوم کے نکالے

ابرق سیماب ہوجائیگا اب اس سیماب مین سے تھوڑا سا کو تھالی کے اندر نکالکر وہ موتی جو کہ طیار کیا ہے اسمین ڈالے بعدہ تین منٹ کے نکالکر دو ریشم کے کپڑے کے ٹکڑے لیکر اوس موتی کو نیچے اوپر کپڑا رکھکر ہتیلی کے ذریعہ سے خوب رگڑے اسیطرح دو یا تین مرتبہ کرے موتی ہوگا -

## بلور سے تامڑہ بنانیکا قاعدہ

اول نوشادر ۲ تولہ پیسکر نصف ڈبیا مین رکھکر اوسکے بلور سے نگینہ جسقدر منظور ہون بعد کو وہ پانی نوسادر ڈالے اور اسمین ٹپکا ہوا آب دئی یعنی پانی دی کا ڈبیا مین بہر دے اور انکو بند کر دے بعد کو زمین مین دفن کرے اسطرح ہر ۲ یوم مین اونکا نوسادر و پانی تبدیل کرتا رہے بعد ۲۰ یوم کے نکالے بہت عمدہ تامڑا ہوجائیگا

## موتی کے جلا کرنے و خراب پرت علحدہ کرنیکا نسخہ

سنکھیا سفید ۲ تولہ شنگرف ۱ ماشہ سائیدہ کرکے ایک کپڑا اچھا کر اسمین ادویات رکھکر پوٹلی بنادے بعد چربی بوم ۴ تولہ آتش پر گرم کرے بروقت گرم ہونیکے پوٹلی مذکور کو ۱۰۱ بار غوطہ دے بعدہ مروارید کو نکالکر سمندر جھاگ سے مالش کرے تا سفید ہووے اگر سیاہی باقی رہے باردیگر پوٹلی مین رکھکر غوطہ دے جبکہ سفید ہوجاوے عرق لیمو مین رکھکر شب بہر رکھین بعد کو نکال لیوے صاف ہوگا

## مونگہ کی شاخ گلاکر مونگہ بنانیکی ترکیب

عرق نانا ۲ چھٹانک مین کاربنیٹ تھوڑا تھوڑا جب تک ڈالے کہ جبتک اوسکی

سنسناہٹ بند ہوجاوے تب اوسمین شاخ مونگہہ کا برادہ ڈالکر ایک کوزہ گلی مین بہ گڑھا کہودکر اندر لید کے دفن کرے بعد ۱۵ یوم کے نکالے وہ اشیا گلجائیگی بعد اوسکو آتش پر رکہکر سخت کرکے مونگہ بنالیوے

## نسخہ آزمودہ

کیسا ہی میلا یا چکنا یا زرد موتی ہو اگر اس طریقہ سے کیا جائے گا تو ضرور ہی صاف ہوجائیگا - ہسوڑہ ۲ تولہ - عرق برگ کیکر دو چہٹانک - عرق برگ بکاین ۲ چہٹانک اس سب عرق مین دو تولہ ہسوڑہ کوٹکر کچہہ دیر آگ پر پکائے جب اچہی طرح سے گرم ہوجائے تب ذرا ٹہنڈا ہونیدے بعد کو موتی جیسا کہ صاف کرنا منظور ہو ایک اندر سے صاف کئے ہوئے ریٹہے مین رکہے اور اوسکو اوس گرم پانیمین بذریعہ کسی دہاگہ کے لٹکا دے بعد ۶ منٹ کے نکالکر دو ریشمی کپڑے سے صاف کرے اسی طرحسے قریب چار مرتبہ کے کرے بعد کو بچہو کہانس جو کہ نینی تال کے علاقہ مین بہت ہے لیکر عرق چار تولہ نکالے اور اس عرق مین قریب ایک چہٹانک تیز سرکہ ملاکر ایک کوزہ گلی مین بہر کر دہن اوسکا بند کرکے آتش دیوے جبکہ عقل سے معلوم ہو کہ نصف عرق جلگیا ہوگا تب نیچے اتار کر کچہہ ٹہنڈا کرلے بعد کو ایک ماشہ پتا مگر اوسمین ذرا سا دہن کوزہ ہٹاکر جلد لیسے ڈالدے کیونکہ اوسکی بہاپ نہ نکلے بعد کو اوسوقت وہ موتی جو کہ مذکور بالا طیار ہے فوراً اوسمین ڈالکر حرکت دے بعد ۱۵ منٹ کے نکالے اگر سو موتی بہی ڈالے جائینگے تب بہی نہایت عمدہ وشفاف ہوکر نکلین گے بعد کو

ذراسا سمندر جہاگ سے ملکر کپڑے سے صاف کرے (نوٹ) اسمین اکثر پکہرج وغیرہ بہی اچہا صاف ہوتا ہے - یہہ نسخہ مصنف کتاب کو دو برس کامل خدمت گزاری کے بعد مہاتما گیانانندجی سے حاصل ہوا جسکو مصنف کتاب نے بچشم خود لاہور مین دیکھ لیا کوئی صاحب اسکو لغو نہ خیال کرین - مثل ہے کہ جن ڈہونڈا تن پائیان گہرے پانی بیٹہہ - وہ بوری کیا پائیان جو رہے کنارے بیٹہہ -

## نسخہ عمدہ رنگ کردن سونا

روغن نوسادر - روغن زردی بیضہ مرغ - طوطیا - نیلا تہوتہہ - نوسادر - گیرو ہموزن پیسکر مذکور بالا تیل مین ملا کر اوسمین چار بجہاؤ دے عمدہ رنگ ہوگا

## نسخہ دیگر

تیزاب شورہ - پہٹکری - کسیس - نوشادر - ناخون اسپ بال سر آدم - بلاس پاپڑا پہلا تولہ - ہموزن لیکر تیزاب شورہ مین ملا کر تیزاب کشید کرے بعد کو اشیاے مذکور نبا کر اسمین چند بجہاؤ دے مطلب برآمد ہوگا

## نرم کردن سونا

ہڈی مینڈہے کی پیسکر سونا گلا کر ڈالے -

## ناقص سونا و چاندی کو صاف کرنا

سیماب دو ماشہ - سنبل دو ماشہ - نوشادر دو ماشہ نمک لاہوری یکماشہ - نمک سانبر یکماشہ - ہرتال دو ماشہ - کفدریا یکماشہ سجی سفید یکماشہ پہٹکری یک ماشہ -

شورہ قلمی یکماشہ - نقرہ خالص یک ماشہ - از آب لیمون سحق چہار پاس کند و برابر نخود گولی بندد و در گداز دہد سیاہی دور شود -

## بائے سلفر آف ٹن کے بنانے کی ترکیب

فلاور آف سلفر ۱۲ گرین - رانگ ۲۴ گرین لیکر رانگ کے اوپر نیچے رکھکر ایک کٹھالی مین رکھکر اور آتش جب تک دیوین تبتک سلفر نہ جل جاوے جب سلفر رانگ آمیز ہووے تب بہورے رنگ کی مٹی ہوگی وزن قریب ۲۸ گرین کے ہوگا اوسکو سائیدہ کرے بعد کو چھ گرین سلفر ملاوین اور ۱۲ گرین نوسادر ملاوین بعد ازان اوسکو ایک پتلی ذرا شیشی مین جسمین ایک اونس دوا آجاوے رکھین اور ایک ہانڈی مین ریت بہر کر درمیان اوسکے وہ شیشی رکھکر آتش ڈیڑہ گھنٹہ دیوے پہر بعد کو نکال لیوے رنگ سنہرا ہوگا اور نام اوسکا بائے سلفر آف ٹن ہوگا

## پہول پر قلعی کرنیکی ترکیب

بکری کی چربی - ٹرپن ٹائن - بائی سلفٹ آف - کاربونٹ سوڈا - سلفٹ نکچر مین تر کرکے ملنا بذریعہ برش کے کرے عمدہ ہوگا

## درد گردہ کی دوا

ڈہاک کی جڑ دہی کے عرق مین گہسکر گردہ پر لیپ کرے بعد دو تین لیپ کرنیکے آرام ہوجائیگا -

طریقہ اور دوسری قسم کا

برہمی ایک تولہ - بچ ایک تولہ - تلسی ایک تولہ - نرکچور ایک تولہ - تیزپات ایک تولہ
ناگرموتہا ایک تولہ - خس ایک تولہ - پانچ تولہ لیوے برادہ صندل سفید مصری ۵ تولہ
اور مصنگی پانچ تولہ - سب کو کوٹکر شہد سے تر کرکے بتی بنالیوے اس بتی کے جلانے سے
نہایت خوشبو پیدا ہوگی -

## معجون عشرت

مائے شتر اعرابی ۲ رتی - نمک چکنی ڈیڑہ ماشہ - عطر کشمیری ۴ رتی - دار چینی قلمی
۶ ماشہ - کائیفل ۳ ماشہ - مازو ۲ ماشہ - لونگ ۲ ماشہ - زعفران ۹ رتی -
سنجرف مغسول ۲ ماشہ - ریگ ماہی ۴ ماشہ نوسادر ۴ ماشہ ورق نقرہ ۵ رتی
ورق طلاء رتی - مشک ۲ رتی - قند سفید ایک تولہ - شہد خالص دو چہٹانک
قیام کریں اور دو ماشہ کہلایا جاوے آدہ سیر دودہ سے استعمال کریں اسطرح
دس سیر دودہ تک پیویں - مجرب ہے

## عرق فولاد ماء الحیات

قند سیاہ پانچ سیر - شیر مادہ گاؤ پانچ سیر - برادہ آہن نیم آثار - دہی ڈیڑہ سیر - برگ اجوائن
۹ چہٹانک - ہلیلہ کلان دو نیم آثار - برگ تنبول ۷۵ عدد اول ہلیلہ کو بوقت شب
آب میں تر کرے صبح کو جوش دیکر پوست اوسکا دور کریں اور پہر ہلیلہ کو آب میں جوش
کریں بعد کو شیر کو نیم گرم کرکے ہلیلہ جوشیدہ میں آمیز کریں اور ایک مٹکی میں رکہیں
اور قند سیاہ کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے اسمیں امیز کریں بعد کو ہاتہہ سے خوب مالش کرلے

اور چہارم حصہ قند سیاہ کہ لین بعد کو اسمین اسقدر پانی ڈالین کہ اوپر ایک بالشت بھر
بعد مین اوسکا باندہ کر سرگین اسپ مین دفن کرین بعد تین روز کے کہولکر دیکھین
اگر جوش آیا ہو تب اوسوقت آہن اور اجوائن داخل کرین اور اسپ سرگین مین
دفن کر لین پہر بعد سہ روز کے دیکہکر دئی برگ تنبول چار پارہ کر کے ڈالین پہر ویسی ہی
کرین بعد جوش سوم بقایا قند سیاہ داخل کرین پہر ایسا ہی دفن کرین اگر بعد دیکہنے سہ روز کے
جوش آگیا ہو تب عرق کشید کرین باتش نرم کشید کرین تاکہ جوہر عرق نہ سوختہ ہو گرم تری دمہ
وسرفہ۔ باؤگولہ ۔ سنگرینی ۔ قولنج ۔ درد گردہ ۔ بواسیر دو تو ضعف معدہ تمام علتہائے
درد شکم ۔ ویرسوت ۔ ورد اشتہا ۔ قوت باہ وفربہ بدن اسکی پوری خوراک ڈیڑہ تولہ
سی دس تولہ تک مفید ہے ترشی سے پرہیز عرق کے بعد کہانا جلد کہالیو ہے ۔

## انجن واسطے پہولہ ناخونہ وجالہ وغیرہ کے

آٹا پاؤ بہر ۔ نمک لاہوری پاؤ بہر ۔ شورہ قلمی ۴ درم ۔ پہٹکری ۴ درم ۔ نمک مین
آٹا ملا کر روٹی بنا کر کوئلہ پر جلاوے اور پہر اوس کو سرد کرے پہر پہٹکری بہونکر اور
شورہ قلمی سائیدہ کرے انجن طیار ہو گیا استعمال کرے

## برائے گٹہیا وفالج وہر قسم کا درد

دیودیار ۔ ورل ہٹر ۔ آنبا ہلدی ۔ ملیٹہی ۔ دہواں سب ہر ۵ تولہ کو ہلکر ایک دن رات
آب باران یا آب جوشیدہ مین ترکہین بعد کو سوا سیر روغن کنجد مین ڈالکر اوس
ادویات کو پکاوے جب کل پانی جلجاوے تب او تار لیوے اور مالش کرے

مرقوم بالا امراض کو ارام کریگا

## ترکیب واسطے امراض ذیل کے زہریلے کاغذ کے چرٹ بنانیکی

(نئی ایجاد) ڈزا لو آرسنیٹ آف سوڈا ایک حصہ - پانی تینس حصہ سفید کاغذ بے تراشی ہوئے کو اسمین تر کرکے تین یا چار انچ لمبے صاف ٹکڑے کاٹ لیں اور ایک دن مین چار یا پانچ مرتبہ پیئے واسطے پھیپڑے کے مفید ہے -

## بالسمک سگار بنانیکی ترکیب

موٹی بغیر تراشے ہوئے کاغذ کو شالیوشن آف سالٹری مین تر کرکے اور سکھاوے اور بعد کو او سکے اوپر ٹنچر آف کیسکیر یلاکا برش کرے اور جبکہ قریب خشک ہونیکی ہوجاوے تب اوسپر ٹنچر آف بن زاین لگاوے بعد آدہ گھنٹے کے اسکے آدہ انچ چوڑے اور چار انچ لمبے ٹکڑے کاٹکر سگار کی قسم سے گول بنالے یہہ پینے کہکرتی ہوتی آواز دمہہ وغیرہ کو فائدہ دیتا ہے -

## بیلی ڈونا سگار

بیلی دونا کے پتے چار حصہ - ٹنچر آف اپیم ایک حصہ - برگ بیلی ڈونا کو ٹنچر آف اپیم مین تر کرکے خشک کرے اور بعد کو سگار بنالیوے ایسے اینوڈاین - اور تکلیف دہ کھ - دانت - سورہر - ڈسولبرکس - ان سب مرضونکو فائیدہ دیتا ہے - بہت مجرب ہے اسکے استعمال سے نہایت فائیدہ ہوتا ہے -

## اینپناسگار

انپیناسگار۔ اوسطرحسے جسطرح پہلے ڈوناسگار بنائے ہین بناے
نسخہ برائے مرض ۵۸ یافتنی جناب معلی القاب لالہ بانکے لال صاحب رئیس دہلی و بجنور
بچہناک و ہرتال و گندک و زنجبیل یعنے سونٹھ و مرچ سیاہ و نربسی و بربسی و نکہیا
ہریک ایک ایک تولہ۔ ترپہلہ تین تین تولہ۔ یعنے ۹ تولہ۔ سہاگہ ۳ تولہ۔ سیماب ۲ تولہ
جمالگوٹہہ ۶ تولہ۔ ترکیب ہریک ادویہ علیحدہ علیحدہ سائیدہ کرکے وزن کرے اور
ہمراہ عرق بہنگرہ کے یا چترمول یا کہیرے کے تین روز متواتر حل کرے کہ سرمہ
ہوجائے بعد کو مثل ماش کے دانہ کے گولی بناوے سایہ مین خشک کرے وہ
مفصل ذیل امراض کام لاوے۔ اول برائے سنگرینی ایک حب ہمراہ چہاچہہ
مادہ گاؤ بوقت صبح کہاوے تین روز استعمال رکہے پرہیز گوشت و نان و شیرینی
کا کرے۔ دویم برائے دردسول ایک گولی ہمراہ روغن مادہ گاؤ ایک تولہ
سہ یوم کہاوے اور شیرینی سے پرہیز کرے۔ سوم بائی سول ایک حب ہمراہ
عرق ادرک تین تولہ سہ یوم کہلاوین پرہیز شیرینی۔ چہارم برائے دفع کرم شکم
ایک حب ہمراہ باؤبڑنگ و قند سیاہ کہنہ ہریک ۶ ماشہ سہ یوم کہلاوین۔ پنجم
برائے تپ صفراوی ایک حب ہمراہ زیرا سفید و شکر سفید ہریک ۲ رتی ایک ہفتہ
کہلاوین پرہیز شیرینی۔ ششم برائے تپ بائی ایک حب ہمراہ عرق کسونذی
ایک ہفتہ تک کہلاوین پرہیز مرقوم بالا۔ ہفتم برائے تپ بلغم ایک گولی ہمراہ

مسل دسہاٹ سفید ایک ایک ماشہ ہفتہ بہر تک کہلاوین پرہیز شیرینی ۔ ہشتم
برائے گرمی ایک حب ہمراہ عرق دہنیا خشک کے کہاوین پرہیز چیز گرم ۔ نہم
برائے بائے ۔ ایک حب ہمراہ سونٹہہ دو ماشہ ہینگ و شہد چار چار رتی کہاوین ۔ دہم
برائے گٹہیا باہ ایک حب ہمراہ شیر بہیڑ پاؤ بہر سہ ہفتہ کہاوین (۱۱) برائے
جبلا زدہ یک حب ہمراہ ہیرا گوگل ایک ماشہ و ہمراہ قدرے شہد کے کہاوین
پرہیز ترشی ۔ (۱۲) برائے سوزاک یک حب ہمراہ ریون چینی سہ ماشہ ایک آنولہ ۲ ماشہ
ہر دو دوا کو آب مین تر کرکے رات کو رکہے اور پانی نتہرے ہوئے کے ہمراہ کہاوی
(۱۳) برائے آتشک یک حب ہمراہ عرق نیم وقت صبح تا دو ہفتہ کہاوے پرہیز
شیرینی ۔ (۱۴) برائے بوئے دہن یک حب عرق کے ساتہہ دہن مین رکہکر
آہستہ آہستہ گہلاوین تا یک ہفتہ (۱۵) برائے مظبوطی دندان یک حب ہمراہ
عقرقرہ سہ یوم تک کہاوے (۱۶) برائے دردسر یک حب ہمراہ آب ترپہلہ
سائدہ کرکے اوپر سر کے ضماد کرین (۱۷) برائے زہر بچہو یک حب ہمراہ سونٹہہ کے
کہاوین اور قدرے سونٹہہ سائیدہ کرکے جائے نیش پر ضماد کرے (۱۸) برائے
زہر مار یک حب کہاوین یک حب سائیدہ کرکے ضماد کرے (۱۹) برائے ناسور
یک حب ہمراہ کہوپری آدم و قدرے افیون آہنی برتن مین ہمراہ آب سائیدہ
کرکے تر کرکے سوراخ ناسور مین رکہے (۲۰) جلندر یک حب ہمراہ نمک لاہوری
بذریعہ آب تین ہفتہ کہاوے (۲۱) برائے تپ ۔ یک حب ہمراہ سیاہ مرچ

وچہاچہہ مادہ گاؤ مین ڈالکر شب کو رہنے وقت صبح حب سائیدہ کر کے ڈالے
اور ۹ یوم تک کہاوین (۲۲) برائے درد شکم و تنگی دل و ہضم طعام یک حب ہمراہ
روغن ہڑ کے کہاوے پرہیز ترشی و بادی (۲۳) برائے مارگزیدہ — چاہیئے
ڈنک چند دفعہ پہچے جائے تا کہ خون نکلے — بعد ایک حب ہمراہ آب سائیدہ کر کے
زخم پر ملے اور ایک حب کہاوے (۲۴) برائے تپ لرزہ - یک حب ہمراہ
زیرا سفید نیم درم و شکر تری سفید ایک درم کے کہاوے غذا دال و خشکہ
کم روغن کہاوے (۲۵) برائے بواسیر خونی و بادی یک حب ہمراہ روغن
بیدانجیر یک تولہ کے کہاوین (۲۶) برائے نظر دیو و پری ایک حب گہسکر
آنکہون مین لگاوے بیہوش ہوگا اگر آسیب سخت ہو تو اسی طرح تین روز تک
انجن کرے (۲۷) برائے آتشک یک حب ہمراہ شیرہ بہنگرہ کے وزن ایک تولہ
کے کہاوین (۲۸) برائے سوزاک یک حب ہمراہ عرق سنبہالو سہ یوم تک کہاوین
(۲۹) برائے سر کہ حما کے جاتا ہے - یک حب ہمراہ شیر بکری کی کہاوی
(۳۰) برائے دفعہ بوے دہن یک حب ہمراہ قند سیاہ یک دام تا یکہفتہ کہاوی
بعد برگ تنبول کہاوے (۳۱) برائے سستی بدن یک حب ہمراہ پان کے
کہاوے (۳۲) برائے ہضم طعام یک حب ہمراہ شیر بواڑ یعنے ایک درخت کا
نام ہے (۳۳) برائے دفع درد سر و نیم سر یک حب ہمراہ عطری پہل یا تیر پہلہ
دو درم روغن تلخ مین ملکر سر پر ملے ایک حب باقی زیرہ سفید مین سائیدہ کر کی

انجن کرے (۳۴) برائے افتادن یعنے پلک کا جاتا رہنا یک حب ہمراہ بالی
آنو لہ سائیدہ کر کے انجن کرین (۳۵) برائے اشتہا یک حب ہمراہ اجوائن سہ
درم کے کہاوین (۳۶) برائے درد عضا یک حب ہمراہ شہد ایک درم و قرنفل دراز
۵ عدد کے کہاوے (۳۷) برائے گردش سر یک حب ہمراہ کلنجن ایک درم
سائیدہ کر کے سر پر ملے (۳۸) برائے داد قلنج یک حب ہمراہ خشخاش دو درم
کے کہاوے (۳۹) برائے درد شکم یک حب ہمراہ قند ۲ درم اور موچرس آدہ درم
یک ہفتہ تک کہاوے (۴۰) برائے درد گوش یک حب ہمراہ سونٹہہ نیم گرم
شیر عورت جو لڑکی رکھتی ہو سائیدہ کر کے کان مین ٹپکاوے (۴۱) برائے درد دندان
یک حب ہمراہ بیخ ہنگرہ کہاوے (۴۲) برائے شب کوری یک حب ہمراہ لعاب دہن
سائیدہ کر کے انجن کرے (۴۳) برائے کدو دانہ یک حب ہمراہ چرچٹا کے صبح صبح کہاوے
(۴۴) برائے کشادن زبان یک حب ہمراہ بیضہ مرغ خانگی ۴ یوم تک
کہاوے اور غسل کرے (۴۵) برائے درد چشم یک حب ہمراہ آب زیرہ سفید و
ایک تولہ سائیدہ کر کے انجن کرے (۴۶) برائے آتشک باد فرنگ یک حب ہمراہ
آب دو درم برگ نیم تا ۴ یوم تک صبح صبح کہاوے (۴۷) صاف کردن شکم
یک حب ہمراہ ہینگ ۳ درم کے کہاوے (۴۸) برائے سردی یک حب ہمراہ
سونٹہہ یک درم تا یک ہفتہ کہاوے (۴۹) برائے زیادتی خون یک حب ہمراہ
دہنیا ۲ درم و قند سیاہ ۴ درم کہنہ کے کہاوے (۵۰) برائے درد کمر یک حب

ہمراہ سونٹھہ یک درم یک ہفتہ تک کہاوے (۵۱) برائے درد ناف یک حب
ہمراہ پانچ لونگ کے کہاوے (۵۲) برائے درد مغز یک حب ہمراہ دھنیا کی
کہاوے (۵۳) برائے تنگی دل یک حب ہمراہ سونٹھہ کے کہاوے (۵۴)
۳ درم
برائے تشنگی یک حب ہمراہ زیرہ سفید نیم درم کے کہاوے (۵۵)
برائے سرا یعنے مرگی۔ یک حب ہمراہ فلفل گرد سائیدہ کر کے مالش کرے
(۵۶) برائے باہوری جسم یعنے یا دندلم یک حب روز کہاوے (۵۷) برائے
قوت باہ یک حب ہمراہ شہد ۲ دام ہر روز نہار کہاوے (۵۸) برائے بند
کردن عورت بدکار یک حب ہمراہ سفیدی بیضہ مرغ کے ضماد کرے اور
اور نزدیک عادمرد کے جائے دوسری جگہہ نہ جاویگی

## عرق شیر برائے گرمی دل مجرب آزمودہ

شیر بکری ۵ سیر عرق بید مشک ۲ سیر عرق شاہترا ایک سیر عرق کیوڑہ
ایک سیر مصری نیم پاؤ عرق کشید کریں عرق ایک چھٹانک ہمراہ شربت
عناب کے نوش کرے

## عرق مقوی باہ

ثعلب مصری کے تخم ۴ تولہ اسقاقل مصری ۴ تولہ بہمن سفید ۲ تولہ بہمن سرخ
۲ تولہ تخم گاجر ۳ تولہ لسان العصفر ۳ تولہ تخم تبت ۳ تولہ تودری سفید ۲ تولہ
تودری سرخ ۳ تولہ تخم شلجم ۲ تولہ تخم جرجیرا تین تولہ بودی دان ۳ تولہ

سرنجان شیرین ۳ تولہ سرنجان تلخ ۳ تولہ کباب چینی ۳ تولہ خولنجان ۳ تولہ
تالمکھانہ ۴ تولہ بیج بند ۴ تولہ سروالی ۴ تولہ تخم اسگند ۳ تولہ — تجاور ۴ تولہ
موصلی سیاہ و سفید ۵ تولہ — اور تخم انار ۲ تولہ زرنباد ۳ تولہ گل گاؤزبان
۳ تولہ برگ گاؤزبان ۲ تولہ برگ گاؤزبان تین تولہ برگ فرنج مشک تین تولہ
کوہ آب ریشم ۳ تولہ مغز بادام شیرین مقشر ۵ تولہ مغز چلغوزہ ۵ تولہ مغز پستہ ۵ تولہ
مغز فندق ۵ تولہ مغز گردگان ۵ تولہ مغز نارجیل مقشر ۵ تولہ حب اطوز ۵ تولہ
مغز حب الشرلم ۵ تولہ مغز حب السمنہ ۵ تولہ تخم کدو شیرین ۵ تولہ تخم خرپوزہ
۵ تولہ خرمہ خستہ ۵ تولہ الاچی خورد معہ پوست ۲ تولہ جائے فل ایک تولہ کرن پھل
یعنی لونگ ایک تولہ — جو کہ دوا قابل کوٹ نیکے ہے اوسکو کوٹکر اور ایک
تھیلی میں بے کٹی ادویات سمیت باندھکر بیچ عرق گاجر ۴ سیر اور عرق گاؤزبان
۳ سیر و آب انار شیرین آدہ سیر و آب سیب شیرین ولایتی آدہ سیر و آب انگور
ولایتی آدہ سیر تمام دواؤنکو آمیز کر کے عرق کشید کریں اور مشک خالص ۲ ماشہ
زعفران ۴ ماشہ عنبر خالص ۲ ماشہ نبات سفید ۳ تولہ کو ٹھکر پوٹلی باندہ کر
اسکو بھی اسی عرق میں لٹکا کر عرق کشید کیا جائے نہایت ہی مجرب و مقوی باہ ہے
خوراک اول ایک تولہ سے پینا شروع کرے رفتہ رفتہ بیس تولہ تک بڑھا دے

## نسخہ مجرب واسطے جریان

اڈہاک کی جہاڑ کا عرق قریب آدہ پاؤ کے لیوے اور اوسکو ایک مضبوط شیشی میں

کاگ سے ڈہکن اسکا اچھی طرح سے بند کر کے اول خوب ہلاوی بعد ازان قریب
۳ تولہ کے بذریعہ چینی کی پیالی کے پیوے جبکہ یہہ ختم ہوجائے بعد کو پہر اور
منگا کر پیوے رفتہ رفتہ اسی طرح ۱۰۱ روز استعمال کرنیسے جریان جاتا رہتا ہی
مگر سب عرق ایکدفعہ منگا نا چاہئیے (نوٹ) یہہ نسخہ آزمودہ مصنف کتاب کا
بذریعہ چند اشخاص کے ہوچکا ہے جس کی کیفیت کے سارٹیفکٹ معزز و معقول
آدمیونکے موجود ہین مگر مصنف کتاب یہ دعوا نہین کرتا کہ سبکا مادہ ایک ہی
قسم کا ہو کہ جسکے وجہہ سے ہر شخص کو فائدہ ہی ہو چونکہ ادویات کا معاملہ ہے کبہی
ہر ایک شخص کے واسطے ازمودہ نہ خیال کرنا چاہئیے۔ مثل ہے کہ ایک کو کوئی
دوا اکسیر ہوتی ہے اور دوسرے کو وہی دوا کہانے پر باعث تقصیر ہوتی ہے
پس اس بات کا خیال آزمودہ ادویات پر نہ رکہنا چاہئیے مگر مصنف کتاب نی
جہانتک پایا ہے عمدہ ہی خیال کر کے تحریر کیا ہے اگرچہ کسی صاحب کو میرے
کسی نسخہ مین کسی قسم کا شک ہو تو وہ اپنا شبہ دور کرنے کے لیئے چاہیے جیسے
اعلے سے اعلے حکیم سے رائے لیکر استعمال کرین شاید وہ اچہا بتادین مگر
وہ شخص جسکو علاوہ اس مرض کے اور مرض بہی مثل آتشک سوزاک وغیرہ کے
ہون بغیر کسی دوسرے حکیم کی رائے لیکر نہ استعمال کرین سارٹیفکٹ برائے
ملاحظہ کتاب ہذا کے آخر مین موجود ہین اس عرق سے فائدہ تیسرے دن ہی
معلوم ہونے لگتا ہے۔

## بذریعہ ہرتال کے نقلی چنیاں بنانا

اول تین چار پرت ابرک کے نہایت عمدہ وسفید لیوے بعدازان ہرتال
طبقی جسقدر عمدہ دستیاب ہوسکے ایک تولہ لیکراس ترکیب سے ایسی
طلسمی وبیمثال چنیان بناوے ایک پرت ابرک مذکور بالالیکر چند
دہکتے ہوئے کوئیلو ںپر رکہے بعدہ اس ابرک کے اوپر تولہ بہر ہرتال
کے چند ٹکڑے کرکے رکہے پہر ایک پرت ابرک کااور اسکے اوپر رکہے
بعد دو تین منٹ کے تین چار کوئیلے دہکتے ہوئے اس ابرک کے اوپر بہی
رکہدے ایسا کرنیسے ہرتال بوجہہ گرمی کے دہوان دینے لگے گی جب کہ
دہوان ختم ہوجاوے تب اوپر سے دہکتے ہوئے کوئیلے ہٹاکر دونوں
پرت کو آہستہ آہستہ آگ سے علحدہ کرے نیزان دونون پرتونکو بہی
جدا جدا کرے بعد ایک منٹ کے اوس ابرک پر سے اوس اشیا کوجو کہ
بالکل بشکل چنی کے جمی ہوئی نذر آئے گی بہوشیاری چاقو سے علحدہ
کرلینا چاہیئے یہہ علحدہ کی ہوئی چیز بالکل رنگ ڈہنگ مین چنی سے کم
نہ ہوگی یہہ ایک عجوبہ چیز قابل روسان والیان تک کے دکہلانیکے ہے
جس کی قدر دانی اسی شخص کے ہاتہہ مین ہے کہ جو اسکے وصف کو
پہچانتا ہے ورنہ کچہہ بہی نہین (نوٹ) آزمودہ مصنف کتاب ہے اگر
اس نقلی مانک کو کچہہ دیر کے واسطے انگوٹہی پر لگایا جائے تو ہر شخص

اسکو اصلی نگینہہ کے خیال کریگا

## کشتہ کردن چاندی بطریق سہل

اول ایک بیگین خنگلی منگائے لیکن وہ بیگین جسقدر بڑا وزنی دستیاب ہوگا عمدہ ہوگا اور اگر زیادہ بڑا نہ ملسکے تو خیر جیسا دستیاب ہو ویسا ہی منگا کر بعدکو اگر روپیہ پہونکنا منظور ہے تو روپیہ بادشاہی چلین کا ورنہ چاندی خالص اینٹ ایک تولہ ذرا اوسکا بترہ بڑہ واکر اوس خنگلی بیگین کے درمیان مین رکہکر دس بارہ کپڑ مٹی عمدہ طریقہ سے کرے بعدکو ایک گڑہا کہود کر من بہر اپلونکی آنچ دے بعد سرد ہونیکے بیگین کو نکالکر دیکہے تو چاندی نہایت عمدہ کشتہ ہوئی برآمد ہوگی اگر اتفاقاً بوجہہ کمی آتش کے کچہہ کچا معلوم ہو تو پہر دوبارہ اسی طرح سے کم آنچ دیکر کرے اول تو پہلے ہی مرتبہ اچہا ہوجائیگا ورنہ دوبارہ ہوجائیگا (نوٹ) آزمودہ مصنف کتاب ہے -

## تعجب انگیز طلسمی مسل

اول اجوان خراسانی ایک چہٹانک لیکر چارون قسم کے تہوئر کے دودہ مین کمسے کم ساتہہ ساتہہ پٹین ہر ایک مین دینی چاہئین بعدکو ساتہہ پٹ آگ کے دودہ مین سلتہہ پٹ گولر کے دودہ مین وساتہہ پٹ چہوٹی دودہی کے دودہ مین دیکر بذریعہ پتال جنتر کے تیل کشید کرین یہہ تیل عجیب وغریب خاصیت کا طیار ہوگا یعنے اس تیل کو ذراسا ناخون دست پر لگانیسے مسل کا کام دیگا

نوٹ - یہہ نسخہ آزمودہ مصنف کتاب ہے اور ساتہہ ہی اسکے مصنف کتاب
آپ سے ملتمس ہے کہ جو صاحب اس سے عمدہ طلسمی مسل کا نسخہ بتلائین تو وہ اوسکے
ٹہیک ہونے پر سو روپیہ لطور نذرانہ کے پائین (اطلاع) بٹ اوس کو
کہتے ہین کہ جو کسی چیز کو کسی قسم کے دودہ وغیرہ مین بالکل تر کرکے سایہ مین
سکہائی جائے اب اگر دوبارہ اسی قسم سے کی جائے تو یہہ دوسری بٹ
کہلاتی ہے پس جسقدر بٹ دینی منظور ہون اتنے ہی مرتبہ اوسکو تر کرکے
سکہلانا چاہیئے - بس اسی طرحسے اجوان کو بہی ہر ایک علحدہ علحدہ دودہ
مین سات سات مرتبہ تر کرکے سکہاکر تیل نکالنا چاہیئے وہ دودہی جو کہ
مذکور بالا نسخہ مین بیان کی گئی ہے یہہ اوس قسم کی دودہی ہے جو کہ زمین پر
چہتہ سا پہیلتا ہے اور پتا جسکا بہت باریک اور چہوٹا سا ہوتا ہے - یہہ نسخہ
نہایت لاجواب اور بہت فائدہ کا ہے - اور نہ کوئی دوا اسمین ایسی ہے
کہ جو دستیاب نہ ہو سکے - قدر گوہر شاہ بداند یا بداند جوہری -

## نسخہ سنگ بلور کے گلانیکا

اکثر بہت سے اشخاص بڑے بڑے تجربہ کار دستکار ایک عرصہ سے اس
بات کی تلاش مین ہین کہ کسی طرحسے اگر بلور پتہر گلجائے تو ہم اسمین کسی قسم کا
رنگ پہنچاکر اس کو ایک قیمتی شئے بنالیوین مگر بہت سی محنت و کوشش کے بعد
بہی یہہ ترکیب نہین ملتی ہے اب مصنف کتاب نے اس نسخہ کو بمشکل تمام

دریافت کرکے اپنے اون پیارے مہربانون قدردانون شفقو نکو جنکا
کہ منہ زمانہ کی بدسلوکی کے ساتہہ زردی کی روشنی سے مشرق سی مغرب کی
کی طرف ہوگیا ہے پہر اونکی ابتدائی خوشی کے ساتہہ ایک بالکل سچائی و
امید برآری کا ثمرا دکہلا کر اونکو اوسی جگہہ پر قائم کرنیکے لیئے یہہ نسخہ پورے
طور سے دریافت کرلیا ہے۔ نسخہ یہہ ہے بلور کا ٹکڑا قریب دو تولہ کی لیکر
ایک کٹہالی مین رکہکر بذریعہ کوئیلونکے مثل سونے وچاندی کے گلادے
جبکہ بلور کے ٹکڑے کو خوب تاؤ آجاوے تب اسکے اوپر برادہ ہڈی گہونسی
قریبا چہہ ماشہ کے ڈالے اگر کچہہ گلنے مین کسر باقی رہی ہو تو اور ڈالے یہہ
بلور گلجاتا ہے بعد گلجانے پر جسکا جوجی چاہے بنائیے

## چاندی و پیتل وغیرہ ڈہالنیکا عمدہ مسالح

ولایتی چینی مٹی کے ٹوٹے ہوئے برتن کو خوب اچہی طرحسے کوٹکر کپڑچہن کرکے
بعد کو اوسمین قدر ریت ملاکر بذریعہ سانچے کے ڈہلائی مین استعمال
کرنیسے نہایت عمدہ وصاف چیز بنتی ہے

## ترکیب بال اڑانیکی

اکثر چیزین اس قسم کی استعمال کرنیسے معلوم ہوا ہے کہ اونمین بہت سا جز
ہڑتال و چونہ کا پڑتا ہے لیکن اوسکا لگانا بہت مضر وخراب ہے اب
بعد مدت کے یہہ نسخہ مصنف کتاب کو ایک نہایت تجربہ کار سی حاصل

ہوا ہے جسکے دو تین مرتبہ کے لگانیسے بال بالکل اڑ جاتے ہین اور ایک
عرصہ تک نہین آتے وہ یہہ دوا ہے یہہ دوا نہایت خوشبودار
اور فائدہ مند ہوتی ہے اسکے ملنے سے کسی قسم کا نقصان نہین ہوتا یہہ
دوا عموماً انگریزی سوداگرونکے ہان ہوتی ہے -

## نسخہ خارش و کہجلی دست وپا

شیشم کی لکڑی کے چہوٹے چہوٹے ٹکڑے کرکے ایک گہڑے مین بہر کر
بذریعہ پتال جنتر کے روغن کشید کرے یہہ روغن کیسی زبردست خارش
ہو لگانیسے ارام ہو جاتا ہے یہانتک کہ ایک صاحب کے بالکل ہاتہونکی
کہال بوجہہ کہجلی کے خراب ہوکر گل گئی تہی چند روز استعمال کرنیسے بالکل آرام
ہوگیا - نوٹ آزمودہ مصنف کتاب ہے

## نسخہ قوت باہ

جائپہل پاؤ بہر - ماجو پاؤ بہر - مال کنگنی دس تولہ لونگ پانچ تولہ
پارہ دو تولہ شنگرف دو تولہ سنکہیا مومیائی تین ماشہ مشک
دو ماشہ اول جائپہل و ماجو و مال کنگنی (۲ تولہ) و لونگ کو علحدہ علحدہ کوٹے
اور بقایا چارون ادویات کو علحدہ علحدہ سائیدہ کرے بعد کو ایک
ہانڈی گلی لیکر اسمین اول نصف ماجو ڈالے بعدہ نصف جائپہل اور
اسی طرحسے بقایا ادویات کو بہی سوائے پارہ کے نصف نصف اوس مین

ڈالتا چلا جائے جب کہ نصف ادویا تو نکی تہہ ختم ہو جائین تب ان سب کی
اوپر ذرا سا گڑھا کر کے کل سیماب ڈالے بعد کو بدستور اسی طریقہ سے
بقایا نصف ادویات کو بہی تہہ بتہہ لگاوے یعنے سیماب پر اول مشک
مومیائی بعد سنکہیا بس اسی طرح سے بتدریج ڈالنے سے ما جو سب سے اوپر
ہانڈی مین آجائیگا ایسا کرنیکے بعد دہن ہانڈی پر ایک کانسی کا کٹورہ رکہکر
گل حکمت کرکے ہانڈی کو چولہے پر رکہے اور نیچے اوسکے بیری کی لکڑی
بہت آہستہ آہستہ جلائے بروقت آگ جلانیکے اوس کٹورہ پر جو کہ دہن پر
لگا ہوا ہے پانی بہر دے جبکہ پانی اچہی طرح سے گرم ہو جائے اوس وقت
بحفاظت تمام کٹورہ کو دہن ہانڈی سے چولہے پر رکہے ہی رکہے علحدہ
کرلے اور فوراً اس کٹورے کو جدا کرنیکے بعد دوسرا کٹورہ کانسی کا اوسکی
جگہہ ویسا ہی لگا دینا چاہیئے تاکہ اوسکی بہاپ نہ نکلے اور مثل سابق اس
کٹورہ مین پانی بہر دے اور اوس کٹورہ کو جو کہ دہن ہانڈی سے جدا
کرلیا گیا ہے زمین پر نہ رکہا جائے کیونکہ اوسکی تلی مین جو قطرات تیل کے
لگے ہوئے ہین اونکو فوراً بہوشیاری تمام کسی چینی کی پیالی یا شیشہ کے
برتن مین جمع کرلے اسی طرح سے بعد پانی گرم ہو جانیکے کٹورہ بدلتا رہے اور
روغن جمع کرتا رہے بعد روغن جمع ہو جانیکے جو قطرہ بہاپ کا اسمین آمیز ہے
نکالڈالے روغن خالص کو کسی ڈاٹ دار شیشی مین بہر کر رکہے یہہ روغن

اپنے ذاتی جوہر ہین بہت ہی لاجواب آزمودہ مصنف کتاب ہر روز صبح کے وقت بغیر لگے ہوئے پان مین اس تیل کی ایک سینک لگا کر اگر اکیس روز تک کہایا جائے تو قوت از حد پیدا ہو لیکن اسکے کہانے کے بعد جسقدر بالائی کہائی جائے کہائے یہہ نسخہ نہایت ہی اعلا درجہ کا ہے کہ جسکا نتیجہ تو جیہہ ساتہہ روز مین ہی معلوم ہو جاتا ہے۔

## در بیان خضاب

یافتنی جناب معلی القاب حاجی رحیم بخش صاحب ڈپٹی کلکٹر ممالک مغربی و شمالی اگر اس نسخہ کو متواتر سال بہر تک استعمال کیا جائے تو بال پہر کبہی سفید نہونگے اور وہ یہہ ہے ایک تربوز قریب بیس سیر کا لیکر اسکے دو ٹکڑے کرلے اور درمیان دونون ٹکڑونکے اس قدر کشمش بہرے کہ اسمین کچہہ جگہہ باقی نہ رہے بعد کو دونون ٹکڑونکو ملاکر بذریعہ دہاگہ کے سی ڈالے بعد کو اسے کسی ایسی محفوظ جگہہ پر رکہا جائے جہانپر کسی قسم کی حرکت نہ ہو گر اوپر وٹکا کر رکہا جائے تو بہت اچہا ہوگا بعد چالیس یوم کے دیکہنے پر معلوم ہو کہ تمام کشمش کا پانی ہوگیا ہے تب اوس پانی کو چہانکر بوتل مین رکہے اور قریب دو چہٹانک کے روز مرہ پیتا رہے جس وقت کہ یہہ پانی تربوز سے نکال لیا جائے اوسی وقت دوسرا تربوز طیار ہونیکو رکہدیا جائے تا کہہ پہر کر ال برابر سال بہر تک قائم رہے نسخہ آزمودہ مصنف کتاب ہے

## بطریق دیگر

دہوتی تلی کا تیل ایک بوتل لیکر کیکر کی جڑہ سے مٹی اسقدر ہٹائے کہ بوتل
چار انگشت زمین سے نیچے رہے بعد ازان اس بوتل تیل کو اسی گڑہے مین
رکہکر کیکر کی جڑ کے نسے کی جو کہ اکثر زمین کے اندر ہی اندر پہیلجاتا ہے
اس ہوشیاری سے بوتل مین ڈاٹ لگائے کہ نسہ وہین بوتل مین اچہی طرح سے
ایسا پہنچجائے کہ جو کسی طرف سے ہوا بہی نہ جاسکے لیکن اس نسہ کو کاٹکر ڈاٹ
نہ لگانی چاہئے بالکہ زمین کے اندر ہی اندر اوس کو چاقو سے صاف کر کے
ویسا ہی لگادینا چاہئے تاکہ نسہ جڑ سے علحدہ نہ ہووے ایسا کرنیکے بعد
اوس گڑہے کو مٹی سے بہر کر چہوڑ دے بعد چالیس یوم کے کہود کر دیکہے
اگر تیل بوتل مین کچہہ باقی نذر آے تو ڈاٹ کو دیکہے کہ کہین سے ڈہیلی
تو نہین ہے پہر ویساہی مٹی دیکر دو چار روز کے بعد دیکہنے سے معلوم ہوگا
کہ کل تیل بوتل وہ نسا کہ جس کی بوتل مین ڈاٹ لگی ہوئی ہے پیگیا ہے
اب پہر اوسکو بدستور ڈاٹ وغیرہ دیکہکر دفن کر دینا چاہئے جبکہ عرصہ چالیس
دن کا گذر جائے پہر اوس جگہہ کو کہووے تو تیل بدستور برآمد ہوگا اس
تیل کو بحفاظت تمام رکہہ چہوڑے جس وقت خضاب کرنا منظور ہو
ذرا سا تیل لیکر بالونکو ملے بال عمدہ سیاہ ہونگے ہفتہ وار استعمال
کرتے رہین۔

## بطریق سویم

ایک انار کہٹا لیکر اوسکو جو کے اندر دفن کر دے بعد چالیس دن کے نکالے
جو کچھہ کہ عرق اوس انار کا نکلے اوسکو ایک شیشی مین بحفاظت تمام رکہی جسوقت
خضاب کرنا منظور ہوا وسوقت اس طیار شدہ ذراسے عرق مین چنبیلی کا تیل
ملاکر استعمال کرے

## خضاب

پہٹکری آدہ پاؤ - نوسادر پاؤ سیر - ماجو پاؤ سیر - اول ایک بوتل کہ جسکی تلی
اندر کو ابہری ہوئی ہوتی ہے لیکر بذریعہ کسی اوزار کے اوس ابہری ہوئی
تلی کے بیچ مین سوراخ کرلے بعد کو ایک چہوٹی ہانڈی مین پہٹکری کو ٹکر
ڈالے لیکن اس ہانڈی کا منہہ اس قدر چہوٹا ہونا چاہیئے کہ جسکے اوپر اس
سوراخدار بوتل کی پیندی اس طریقہ سے آجائے کہ بلا جنبش اوسکے اوپر
کہڑی رہے جبکہ یہہ بوتل اس طریقہ سے ہانڈی پر لگادی جائے تب
بعد کو دہن ہانڈی بذریعہ ملتانی مٹی کے اس طریقہ سے گل حکمت کرے کہ
مطلق ہوا نہ جاسکے اب اس طیار شدہ ہانڈی کو چولہے پر رکہکر تہوڑی تہوڑی
اسکے نیچے آگ جلائے لیکن ڈاٹ بوتل پیشتر ہی سے خوب مضبوط لگادے اور ایک
کپڑا پانی سے ترکیا ہوا ہر وقت بوتل کے اوپر پڑا رہے جب کپڑا خشک ہوجائے
فوراً پہر تر کرکے بوتل پر ڈالے اسی طرحسے ہر وقت کپڑا تر رہے اس طریقہ سے

عرق پھٹکری کچھ دیر مین بوتل کی پیندی مین جمع ہو جائیگا جب کہ کپڑا ہٹانیسے
معلوم ہو کہ بوتل مین عرق جمع ہو گیا ہے ہانڈی کو چولہے پر سے اتار کر بوتل
علحدہ کر کے عرق پھٹکری بحفاظت کسی دوسری شیشی مین رکھے بس اسیطرح سے
بقایا دونون ادویات کا بہی عرق کشید کرے بعد ازان ہر ایک عرق ایک ایک
تولہ لیکر اسمین سنگ راسخ تولہ بہر بہت باریک سرمہ سا پیس کران عرقونمین
حل کرے بعد ازان کنگہے سے بالونپر لگائے بال نہایت عمدہ صاف ہونگے
نوٹ نسخہ آزمودہ مصنف کتاب ہے۔

## دربیان طلسمی شعبدات

ناظرین کو معلوم ہو کہ یہہ کل شعبدات طلسمی نہایت محنت و مشکل سے دریافت
کر کے تحریر کیئے گئے ہین یہ بہی ایک اعلا درجہ کی دستکاریونسے کم نہین
ان سے بہی انسان سب کچہہ پیدا کر سکتا ہے اور عموماً یہ کل طلسمی شعبدات
بالکل ٹہیک و درست ہین۔

## ترکیب وہ چراغ بنانیکی

کہ جس کے جلانیسے سانپ ہی سانپ نذر آوین۔ چاہیئے کہ مردہ سانپ کے
منہہ مین تخم روی ڈالکر زمین مین بو دیوے جس وقت کہہ اسمین روئی
پیدا ہو جائے بحفاظت تمام پاس رکہے جس وقت کہہ یہ تماشہ دیکھنا
منظور ہو اسوقت اس روی کی بتی بنا کر ارنڈی کے تیل مین جلا۔۔

اسکے جلنے سے وہانتک کہ اسکی روشنی جاویگی سانپ ہی سانپ نظر آوین گے - یہہ تماشہ مصنف کتاب کا بچشم خود دیدہ ہے اور نیز یہہ سناگیا ہی کہ اس طریقہ سے شیر کے منہ مین بومنے سے شیر ہی شیر نظر آتے ہین -

## ترکیب ہتیلی پر سرسون جمانے کی

سرسون کے دانہ کو اگر تہوئر کے دودہ مین ساتہہ مرتبہ تر کر کے سایہ مین سکہلایا جاوے - جس وقت کہ سرسون ہتیلی پر جمانی منظور ہو اسوقت ہتیلی پر تہوڑی سی مٹی بچہاکر اوس کے اوپر سرسونکے دانہ ڈالکر اگر تہوڑا سا پانی کا چھینٹہ دیا جائے تو سرسون ہتیلی پر جم جائیگی -

## طلسم دریا مین اوسی وقت پہول پیدا کرنا

درخت اکول جو کہ پہاڑی علاقہ مین پیدا ہوتے ہین اوس کے بیج کے تیل مین اگر کنول کے بیجون کو تین مرتبہ تر کر کے سایہ مین سکہا کر پاس رکہلیا جائے اور بروقت تماشہ کے اگر اسمین سے دو چار بیجون کو کسی تالاب مین ڈالدیا جائے تو فوراً تہوڑی دیر مین پورا کنول کا درخت پیدا ہو جائے گا یہ طلسم ہی عجیب و غریب حیرت زدہ بنانے والا ہے کہ جسکو مصنف کتاب نے بچشم خود دیکہا ہے -

دیگر انہی مہاتما کی زبانی جنہون نے یہہ تماشہ دکہلایا تہا معلوم ہوا ہے کہ اگر اسی درخت کے تیل کو آدمی کے جسم پر مل کر کسی مکان مین بیٹہا کر دیکہا جائے تو اوسکے ہاتہہ پیر سر بالکل علیحدہ کٹے ہوئے معلوم ہونگے یہ طلسم ہی بلحاظ مذکور

بالا تماشہ کے قابل اعتبار ہے

## نسخہ طلسمی آئینہ جسمی چند باتین معلوم ہون

گدہے مادہ و نر کا آب اخراج ایک ایک تولہ اور اوسمین ایک ایک تولہ سیماب علحدہ علحدہ ڈالین بعد کو عرق لجونتی یا عرق چوئی موئی دو دو تولہ ہر ایک مین ملا کر علحدہ علحدہ کہرل کرین بعد کو گولی نجائیگی پہر اوسمین شیر اگ دو تولہ ہر دو مین ملا کر دو دو تولہ گہومچی سفید ملاوین ہا خوب کہرل کرین بعد خون خرگوش ہر دو مین ملاوین جبکہ گاڑہا ہو جائے گولی بنا کر سایہ مین خشک کرے بعد کو جو ہردا کہ جو دوبارہ کا اڑا یا ہوا ہو تین تین ماشہ گولی طیار شدہ کو سائیدہ کر کے اُسیہ بعد کو ورق رانگ اور سائیدہ کر کے اوس گولی اب باریک شدہ مین ڈالین شیر و ہو نٹے بعد گولی نر کو پارچہ سفید ریشمی مین باندہے اور گولی مادہ کو سرخ پارچہ ریشم مین باندہے لیکن اوسمین بیر بہٹی گیارہ عدد پچھلے دہڑ کی طرف سے ڈالے تب باندہے اور جسوقت کہ استعمال کرے اوسوقت شیر اگ بطور سفیدہ کے انگلی پر لگا کر تا معلوم آئینہ پر بجائے بینی و گاہے بجائے چشم و گاہے بجائے چپ و راست یا دندان یا لب پر لگا دے اور ہر بار پوٹلی مذکور کو پہیرے عجب طلسم معلوم ہو گا اور بجائے خط کے اگر ایک خط ذرا ترچہا شیر اگ کا کہینچدو تو بال بہت بڑے بڑے معلوم ہونگے وقت دکہلانیکے بہت سے عجیب و غریب طلسم دکہلائے جا سکتے ہین ۔ نوٹ آزمودہ مصنف کتاب ہے ۔

اس طریقہ سے یقین دلانا چاہتے ہون یہ سوچکر مینے کہا کہ گروجی لا ئیے مین خود دیکھلون کہ کس کتاب مین ہے تاکہ یہ جھگڑا رفع ہو گروجی نے میرے ہی وہی سیاہی لگوی تب واقعی مینے اوسکو درست پایا اور اسقدر روشنی آنکھہ مین پیدا ہو گئی کہ جس سے کتاب آہستہ آہستہ پڑہ سکے اب یہ خیال نے مجھے اوسکا معتقد کیا اور موقع دیکھتا رہا تاکہ کسی طرحسے یہ اوسکو تبلادین تب اچھا ہو غرضکہ ایک دن اون سے عرض کیا اور انہون نے بہ قسم تبلادیا وہ یہہ نسخہ ہے کچھہ روز بعد بندہ اپنے مکانپر واپس آیا یہان مینے اوس کو آزمایا اوسکا جھوٹ و سچ ہی معلوم نہین ہوا کیونکہ مینے چند مرتبہ یہ سیاہی طیار کی لیکن ایک مرتبہ بھی سیاہی نہ طیار ہوئی اس لیئے ابھی اس نسخہ کی طرفسے حسرت باقی ہے اور نہ کوئی اس نسخہ مین ایسی دوا ہے کہ جسکی وجہہ سے سیاہی نہ لگے بلکہ ضرور ہی لگنی چاہیئے مگر مصنف کتاب کی تقدیر مین ہی نہو تب کیا کیا چاہیئے اس لیئے اس ترکیب کو عام طور سے ظاہر کی جاتی ہے تاکہ اس پوشیدہ علم کو کہ جسکے واسطے ہفت اقلیم کی دولت بھی صدقہ ہے اور بھی کوئی صاحب کسی ترکیب سے طیار کرکے حظ اوٹھائین مگر یہ نسخہ جہانتک بھی ممکن ہوا ہی درست ہی خیال کیا گیا ہے آئندہ تقدیر ہے یعنے کاجل کا لگنا ضروری بات ہے۔

## ترکیب

ایک کھوپری پرانے الو کی لاوے ریشم سات قسم کا لیکر اوس کی باریک

بتی بناکر بذریعہ روغن زرد یعنے گھی بلاآمیزش اور کسی اشیا کے اوس کہوپر
مین سیاہی لگاوے یہ سیاہی آنکھہ مین لگانے سے ویساہی اثر پیدا کر
ہے۔ نسخہ بچشم خود دیدہ وے نہ آزمودہ۔

## ترکیب سنہری روشنائی بنانے کی

رانگ پارہ گندک نوسادر ایک ایک تولہ لاکر اول پارہ کو ایک مٹی کی
مین رکہکر اسپر ایک قطرہ روغن سیاہ کا ڈالین بعد ازانگ کو گلا کر اوس
پر چھوڑ دین جب سرد ہو جاوے نکال کر کہرل مین ڈال کر اور نو
سے پیسکر اوس مین شامل کر کے گھوٹنا شروع کرین بعد تھوڑی د
گندک اضافہ کرین اور کاملی طور سے زور زور سے حل کرتے رہین جب
اجزا یکسان ہو جاوین اوسوقت کسی شیشہ مین بہرین اور گل حکمت کر
سکہلاوین لیکن شیشہ کا منہ کہلا رہین بند نہ کرین اور چار سیر کوئیلے
سلگا کر اونکے درمیان مین شیشہ رکہین اور شیشہ کہ چارون طرف
تیلون کے رکہین غرف گردن اوپر باقی ہو جب کوئیلے پژمردہ ہونے لگ
ہوا کر کے روشن کریا کرین تاکہ آنچ برابر شیشہ کے ہور دہوان دہین شید
کہ برنگ سیاہ نمودار ہو گا نکلنے دے اور اگر کثرت نکلنے دہوین سے
شیشہ کا بند ہو جاوے تو سلاخ لوہے سے کہولدیا کرین اور کبھی کبھی
اندرونی شیشہ کو بہی سلاخ سے ہلادیا کرین اور اگر آگ کوئیلون کی کم ہو جا

ہ اضافہ کرین جب اوس شیشہ کے دہن سے دہوان برنگ سفید
ع ہو وے اوسوقت کسی چیز کی ڈاٹ اوسکے منہ پر لگادے اور آگ
قوف کرین کہ وہ شیشی خودبخود سرد ہوجائے بعد بخوبی سرد ہوجانیکے
توڑ کر ادویہ مذکورہ نکالین اور بہت حفاظت سے دوسری شیشی مین
مضبوط کاگ لگا کر اوپر اوسکے کپڑہ باندہکر رکہدین یہ ادویہ برنگ طلا
بید لوگ مرگانگ اور اطبا یونانی کشتہ خام طلا کہتے ہین اگر اوس سے
تو ۲ تولہ سریش ماہی تہوڑی پانی مین آگ پر گلا کر حل کرین اوس مین
مرگانگ ملا کر چینی کے پیالے مین انگشت سے حل کرین بعد ازان
کے پیالے مین دو سیر پانی شیرین ڈالکر اوس مین گہلے ہوئے مرگانگ
گہولدے بعد چند ساعت کے وہ پانی نکہرا ہوا آہستگی سے گرا دین
ح کرین جب ۳ مرتبہ ہو چکے پہر اوس کو حفاظت سے نکالکر رکہہ چہوڑین
رت کے اوسکو سیپ مین نیم گرم پانی سے حل کرکے تحریر کرین وہ
عمدہ سنہری رنگ کے ہونگے اگر مہرہ کیا جاوے تو اور بہی روشنی
نگی اور یہ بہی واضح رہے کہ یہ مرگانگ ہر یک مرض کے واسطے خرد و کلان
کو اچہا و مناسب ہے ایک چانول سے دو رتی تک دیتے ہین
ہ مند ہے کل ممالک بیماریون مین یہ دوا مستعمل ہے اور جسقدر
ے اوسی قدر زیادہ فائدہ مند اور بیش قیمت کو فروخت ہوتی ہے

بھوجی ھیم

برگ نیم کو تراشے اور بذریعہ قدرے سجی کے تین

معلق سبح ڈالین ۔

بتاشہ کا رائیتہ

بتاشون پر کسی قدر کتیرہ بذریعہ روغن زرد ٹے او

زرد کے بریان کرے دہی کا رائیتہ بناوے ۔

ترکیب بوتل کے اندر حروف

ایک ڈبل کاغذ پر جو کچھ لکھنا ہو لکھے اور پہر اون حر

کاٹے پہر اوس کاغذ کو بوتل مین پانی سے چپکا دے

کا منہ ایسے رکھے کہ چراغ گل نہووے اور دہوا اند

سیاہ ہوجاوے او سوقت سیاہی کو روڑے پونچ

کسی چیز سے اوتارے مگر حروف نہ پونچہین ۔

تعجب انگیز پھٹکری کا تاج بنانا

اول ایک کہپچی کا تاج چاہیے جس قسم کا بنوائے

رنگدار کپڑا لپیٹے بعد کو پھٹکری ایک سیر نوسادر آدہ

نوسادر و پھٹکر کو خوب باریک کوٹکر ایک مٹی کی کنستر مین

اوسمین قریب سات آٹھ سیر کے پانی ڈالے بعد کو او